شری گوپڈی گنگا ریڈی ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ ودیا کے منتری نے جو ڈیمانڈس لائے ہیں وہ بہت اچھے ہیں میں ان کا سواگت کرتا ہوں ۔ مگر اس ودیا شاکھامیں جو بدعنوانیاں ہیں انکو میں پہلے پیش کرونگا ۔ میں نے ان پر تین کٹ موشن لائے ہیں ایک تو ورق ایجوکیشن کے لئے ۔ دوسرا لڑکے لڑکیوں کو ایک جگہ تعلیم حاصل کرنے کے لئے اور تیسرا اڈلٹ ایجوکیشن کے لئے ۔

پہلے میں یہ عرض کرونگا کہ جو پرائمری اسکولس کھولے گئے ہیں ان کی بہت بدحالت ہے۔ انکے رہنے کے لئے مکانات نہیں ملتے اور اب گورنمنٹ کا یہ رویہ ہے کہ انکے کرائے بھی بند کردئے گئے ہیں ۔ اسطرح نہ مدرسوں کے لئے مکانات ملتے ہیں نہ مدرسن کے لئے ۔

دوسری بات یہ ہے کہ ان لوگوں کا تقرر تو ہوگیا ہے مگر چھ چھ مہینے تک انکی تنخواہیں نہیں ملتی ۔ صیغہ حساب میں جاتے ہیں تو وہاں ڈھوپٹی کھولکر رکھتے ہیں اگر سالانہ دس روپیے دیتے ہیں تو تنخواہ برابر ملتی ہے اسکے علاوہ جو بر آورد بھیجے جاتے ہیں وہ پیرنگ ہوتے ہیں تو اسکے پیسے بھی انکو برداشت کرنا پڑتا ہے۔ اور جو پرائمری اسکولس کھولے گئے ہیں انکے لئے چپراسی کا بھی انتظام نہیں ہے اس لئے مدرسن کو جاکر ۔ گھر گھر گھوم کر بچوں کو مدرسہ لانا پڑتا ہے۔ جہاں بڑے بڑے اسکولس ہیں وہاں تو گورنمنٹ نے مکانات بنادئے ہیں لیکن پرائمری اسکولس کے لئے یہ انتظام نہیں کرتی ۔

میں یہ بھی بدعنوانی آنریبل منسٹر کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ تعلیمات کے جو انسپکٹرس اور ڈپٹی انسپکٹرس ہوتے ہیں انکا ایک عجیب نقشہ ہے۔ ان کا حال یہ ہے کہ جو مدرسین ٹھیک طریقہ پر دعوت دیتے ہیں ان لوگوں کے ریکارڈس میں لکھتے ہیں کہ ان کا رویہ ٹھیک ہے اگر دعوت نہیں دیتے تو انکا ریکارڈ خراب لکھتے ہیں ۔ اور ان کا تبادلہ کیا جاتا ہے میں خود جانتا ہوں کہ عادل آباد میں ایک صیغہ دار ۳۰ سال سے اسی جگہ پر ہے۔ ان کا کسی دوسری جگہ تبادلہ نہیں ہوا ۔ اسیطرح نرمل کے ایک مدرس کا حال ہے وہ وہاں پر ۳۱ سال سے ملازمت کررہے ہیں ۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ لوگ انسپکٹرس اور ڈپٹی انسپکٹرس پر اتنا رنگ جمائے ہوئے ہیں ۔ اس لئے انکا تبادلہ نہیں ہوتا ۔ لیکن بعض جگہ تو تین تین مہینوں میں تبادلہ ہوجاتا ہے۔ قانون میں ایسی لچک ہے کہ جیسا رنگ جمائے جم جاتا ہے۔ پرکشن کے زمانہ میں من مانے طور پر ان کا تبادلہ ہوتا ہے ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ قانون کے لحاظ سے تین سال کے اندر کسی کا تبادلہ نہیں ہوسکتا۔ اس پر غور نہیں کیا جاتا اور تبادلہ ہوتا ہے۔ اور یہ کہ ان مدرسین کو الکشن کے زمانہ کا ٹی ۔ اے۔ ڈی اے نہیں ملا ہے۔ مردم شماری اور جرائم شماری کے وقت بھی ان مدرسین سے کام لیتے ہیں مگر ٹی ۔ اے اور ڈی ۔ اے بروقت نہیں دیتے ۔

اسکے بعد میں اپنے کٹ موشن کی طرف آتا ہوں ۔ ابھی ہمارے لیڈی ممبر کہہ رہے ہیں کہ استریوں اور بالکوں کے لئے الگ انتظام ہونا چاہئے ۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ کالج میں جانے کے بعد کو ایجوکیشن (Co-education) ہوتی ہے ۔ تو اتنی دیر ہونے کے بعد وہاں ایک دم سمبندھ کیسے ہوتا ہے یہاں تو بچپن میں الگ الگ رہنے کے لئے کہتے ہیں تو وہاں کیسے جم جاتے ہیں۔ (Laughter)

میرا کہنا کہ عورتیں مانک کے برابر ہوتی ہیں اور جہاں مانک نہیں ہوتی وہاں اندھیرا ہی اندھیرا ہوتا ہے۔ کالج میں بعض جگہ ایسا ہوتا ہے کہ وہاں توجیون پیدا ہوتا ہے۔ وہاں یہ کوشش ہوتی ہے کہ ,, میں اون سے زیادہ نمبر لوں ،، ۔ وہاں شوق سے پڑھتے ہیں اس لئے میرا یہ کہنا ہے کہ بچپن سے پراتھمک پاٹھ شالہ سے انکو الگ رکھنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ ایک جگہ رہنے سہنے کی عادت پراتھمک پاٹھ شالہ سے ہونا چاہئے اس لئے نسوانی مدرسوں کے لئے چپراسیوں کا انتظام ۔ پنڈبوں کا انتظام اور منڈک (پردہ) کے انتظام کی ضرورت نہیں ۔ باولی میں رہنے والے مینڈک یہ سمجھتے ہیں کہ اپنی دنیاالگ ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ وہ سمجھ بوجھ کر ایسا کرتے ہیں ۔ اور مجھے تعجب ہوتا ہے کہ انکے لئے الگ انتظام کیوں ہونا چاہئے ۔ اگر الگ انتظام کرنا ہو تو پھر منسٹر بننے کے بعد یہاں ایک الگ پردہ ڈالنا پڑیگا ۔ میں دیکھتا ہوں کہ جن لوگوں کے لئے ایسے پردہ کا انتظام ہے وہ پردہ کے اندر گھنٹی بجاتے رہتے ہیں اور ہم اندر نہیں جاسکتے ۔ ہم پرانے لوگوں سے تو سنتے ہیں کہ دسرتھ ڈرتا تھا لیکن عورت نے جاکر یدھ (युद्ध) کیا ۔ اور رام بھی جب بن باس گئے تو سیتا جی ساتھ تھیں ۔ اس لئے میرا کہنا ہے کہ بچپن سے ورتی ہونا چاہئے ۔ اگر وہ بچپن سے یہ ورتی نہ رکھیں تو انہیں آگے چلکر پریشان ہونا پڑتا ہے۔ بڑے زمیندار کا لڑکا بھی جب یہ چیزیں نہیں سیکھتا تو آگے چلکر کہتا ہے میں بیروزگار ہوں وہ کہتا ہے کہ میرے لئے نوکری ہونا یہ وہ ہونا ۔ اس لئے میرا منشا ہے کہ وہ بچپن سے ہی سب کچھ کرنا سیکھے اور مدرسہ میں سیکھے ۔

اس کے بعد مجھے یہ کہنا ہے کہ بارڈر پر مدرسے رہتے ہیں تو وہاں کونسی زبان زیادہ بولی جاتی ہے اس کا لحاظ نہیں کیا جاتا ۔ تین مواضعات ایسے ہیں جہاں پورے کے پورے کنڑی بولنے والے ہیں یردور ۔ مولا پنجگوڈی میں انکی ماتر بھاشا کی ورتی کرنے کے لئے کوئی انتظام نہیں ہے۔ مرھٹواڑہ میں بھی بارڈر پر کئی ایسے مواضعات ہیں جہاں بارہ آنے کنڑی بولنے والے ہیں لیکن انکو مرھٹی سکھائی جاتی ہے۔ اس لئے میں اس پر زور دیتا ہوں کہ ماتر بھاشا کا خاص طور پر لحاظ رکھا جائے ۔

یودہ تعلقہ میں جہاں کی رعایا پیسہ دینے کے لئے تیار ہے وہ ایک مڈل اسکول کھولنا چاہتے تھے ۔ وہ منسٹر صاحب کے پاس آئے تھے تو انہوں نے کہا کہ آئندہ سال کھولینگے۔ میں یہ بھی منسٹرصاحب کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ وہ اس سال ضروری مدرسہ کھولیں ۔

پراڈ یا ودیاکے بارے میں یہ کہنا ہے کہ اس میں صرف اکشر سکھانے سے کچھ نہیں ہوتا ۔ انہیں دو چار مہینے پڑھایا جائے تو وہ کچھ نہیں سیکھ سکتے ۔ انکو دو چار مہینے پڑھانے سے کچھ نہیں ہوتا ۔ کم ازکم اتنا ہونا چاہئے کہ تحصیل کے مالگزاری کے کاغذات اور گشتیاں وغیرہ جان سکیں اس حد تک بھی انہیں نہیں پڑھایا جاتا ۔

آخر میں منسٹر صاحب سے یہ کہونگا کہ میں نے جو خرابیاں بیان کی ہیں انکو دور کریں ۔ میں دیکھتا ہوں کہ تعلیم برابر ٹھیک طریقہ پر نہیں ہوتی اس لئے عین پرکشا کے وقت ٹیوشن لینے کے لئے ودیارتھیوں کی سنکھیا بہت بڑھ جاتی ہے۔ پہلے سے انہیں کچھ نہیں پڑھایا جاتا ۔ نچلی جماعتوں میں وہ کمزور ہوتے ہیں اس لئے ٹتھ میں جو نتیجہ نکلتا ہے اسمیں سیکڑہ ۱۰ بھی نہیں نکلتے ۔ اتنا کہتے ہوئے میں بھاشن سماپت کرتا ہوں ۔

* شری پی ۔ ڈی ۔ دیشمکھ ۔ میں ڈیمانڈ نمبر ۲۵ کے سلسلہ میں چند چیزیں آنریبل منسٹر کے ملاحظہ میں لانا چاہتا ہوں ۔ تنگی وقت کے لحاظ سے میں آنریبل منسٹر کی توجہ پرائمری ایجوکیشن کیطرف جس پر کہ ہاؤز میں کافی تنقید ہوچکی ہے مبذول کراؤنگا۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج کی حکومت نے ایجوکیشن کیلئے جو زیادہ بجٹ منظور کیا وہ ایک حدتک قابل تحسین ضرور ہے اور اس حد تک میں آنریبل منسٹر کو مبارکباد دیتا ہوں لیکن آج تعلیمی مسائل کو حل کرنے کیلئے جو ۵ کروڑ روپیہ بجٹ میں ہونا بیان کیا گیا ہے وہ صحیح ڈھنگ پر خرچ ہورہا ہے یا نہیں ہمیں یہ دیکھنا ہے ۔ میں اسبارے میں چند خیالات ہاؤز کے سامنے رکھونگا ۔ ابھی ادھر سے چند آنریبل ممبرس نے اچھے الفاظ میں یہ کہا کہ ہماری حکومت نے تقریباً ۱۳۰۰۰ پرائمری اسکولس شروع کئے ہیں ۔ تعداد کے لحاظ سے تو یہ ضرور بہت بڑی تعداد معلوم ہوتی ہے لیکن یہ بات قابل غور ہے کہ گزشتہ حکومت نے صدہا سال سے پرائمری ایجوکیشن کو نظر انداز کیا تھا ۔ اسکو سامنے رکھتے ہوئے اگر ہم اسپر غور کریں تو ہم یہ کہنے پر مجبور ہوجاتے ہیں کہ تعلیم میں اب جو ترقی ہوئی ہے اس سے ہمیں مطمئن نہ ہوجانا چاہئے ۔ دو سال میں ۱۳۰۰ پرائمری اسکولس رورل ایریاز میں کھول دیئے جانے سے بیکورڈنس (Backwardness) دور نہیں ہوجاتا ۔ دوسری چیز ہمیں یہ بھی دیکھنا ہے کہ حیدرآباد کی آبادی کے لحاظ سے ۵ کروڑ کا بجٹ جو تعلیم کیلئے رکھا گیا ہے اس سے کیا نتائج برآمد ہورہے ہیں ۔ اس سے کتنی لٹرسی (Literacy) عوام میں آئی ۔ حیدرآباد میں لٹرسی ۱۰ فیصد سے زیادہ نہیں اور دیہاتوں میں جہاں ۸۰ فیصد آبادی رہتی ہے لٹرسی (۳) فیصد سے زیادہ نہیں ۔ ایسی صورت میں یہ کارنامہ کوئی قابل فخر نہیں ہوسکتا ۔ میں منسٹر صاحب سے التجا کرونگا کہ وہ تیزی سے آگے بڑھنے کیلئے اقدام کرنا چاہئے ۔ اور پھر جو بھی اسکولس کھولے گئے ہیں ان میں سے ۵۰ فیصد ہی قائم ہوئے ہیں ۔

ایڈڈ اسکولس کے بارے میں مجھے یہ کہنا ہے کہ وہاں کے ٹیچر کو ۳۰-۳۰ روپیے تنخواہ دیجاتی ہے ۔ اوراسی تنخواہ میں اس کو تعلیم کیلئے بورڈ ۔ کتابیں اور دوسرے آلات تعلیم فراہم کرنے کیلئے کہا جاتا ہے ۔ اسبارے میں کہا جاتا ہے کہ مقامی کمیٹی پر اسکی ذمہ داری ہے لیکن میں مرہٹواڑہ کی حد تک کہونگا کہ کمیٹی کی جانب سے بھی کوئی انتظام نہیں ہوتا ۔ زیادہ سے زیادہ وہ مدرسہ کیلئے مکان کا انتظام کردیتے ہیں ۔ میں آنریبل منسٹر سے یہ درخواست کرونگا کہ وہ اسپارے میں توجہ کریں ۔ ایڈڈ اسکولس کو کم از کم

ایک ٹیچر پرائمری اسکول بناکر ٹیچر کو میٹریکولیٹ ٹیچر کی تنخواہ دیکر وہاں ضروری آلات تعلیم فراہم کر کے چلانا چاہئے - جو نئے اسکولس قائم کئے گئے ہیں وہاں ٹیچرس کی یہ حالت ہے کہ انہیں اپنی برآوردات منظور کروانے میں چھ چھ مہینے لگ جاتے ہیں - اور وہ اسی میں پریشان رہتے ہیں - انسپکٹر کی حیثیت تو ایک صدر اہلکار کی ہوکر رہگئی ہے - کیونکہ وہ مدرسوں کی تعلیم پر تو کوئی نگرانی نہیں کرسکتا - مجھے معلوم ہوا ہے کہ انسپکٹر کو روزانہ ہزار ہزار برآوردات پر دستخط کرنا پڑتا ہے - ناظرین جو رپورٹ دیتے ہیں ان کی وہ کیا تنقیح یا اصلاح کرسکتا ہے - ناظرین کو ٹی - اے - بھی بہت کم دیا جاتا ہے - انکے تحت اتنے زیادہ اسکولس ہوتے ہیں کہ وہ ایک اسکول کا سال میں ایک وقت بھی معائنہ نہیں کرسکتے میں کہونگا کہ انسپکٹر کے ساتھ ایسے عہدہ دار بھی مقرر کئے جائیں جو دفتری کاروبار کی نگرانی علحدہ طور پر کرسکے - اور انسپکٹر ایک اسکول کا کم ازکم چھ مہینے میں ایک مرتبہ دورہ کرسکے - اکائی کے لحاظ سے ان میں کمی کیگئی ہے لیکن یہ ٹھیک نہیں ہوا - ڈپٹی ڈائرکٹر کے بارے میں بھی مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ پوری ریاست کیلئے دو سکشنس رکھے گئے ہیں - میں پوچھتا ہوں کہ ان کا صدر دفتر حیدر آباد میں کیوں رہتا ہے - تعجب کی بات ہے کہ دوڈپٹی ڈائرکٹرس حیدر آباد میں بیٹھکر کسطرح کاروبار چلاتے ہیں - یہ ہائی اسکولس کا معائنہ کسطرح ٹھیک طور پر انجام دے سکتے ہیں - مرھٹواڑہ کی حد تک میں کہونگا کہ وہاں ۳۰ ہائی اسکولس ہیں - یہ ڈپٹی ڈائرکٹر ۳۰ ہائی اسکولس کا معائنہ کسطرح کرسکتے ہیں - وہاں ٹیچرس کے بارے میں جو شکایتیں آتی ہیں ان پر یہ کیا اقدام کرسکتے ہیں - یہ بہت بڑی خامی ہے - میں سمجھتا ہوں کہ مدرسوں کی تعداد بڑھانے سے کچھ نہیں ہوتا - اور محض بجٹ کو ڈھائی کروڑ سے ۵ کروڑ کردینے سے کچھ حاصل نہیں ہوسکتا - اس نظام میں جو خامیاں ہیں انہیں سب سے پہلے دور کرنا چاہئے - جہاں اکائی کی ضرورت ہے اور جہاں خرچہ کرنا چاہئے اس بارے میں میرے پاس چند سفارشات ہیں - ہمارے اسٹیٹ کا جو نیچرل ڈویژنس (Natural Divisions) مرھٹواڑہ کرناٹک اور تلنگانہ ہیں انکے لئے کم ازکم تین ڈپٹی ڈائرکٹرس ہر ایریا کیلئے ایک کے حساب سے ہونا چاہئے - ان کا دفتر اسی ایریا میں ہو تاکہ وہ زیادہ بہتر طور پر مدرسوں پر نگرانی رکھ سکیں - مرھٹواڑہ سے متعلق میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ وہاں طلبا میں کمیونلزم (Communalism) کی مینٹیالٹی (Mentality) بڑھتی جارہی ہے - اس کا اثر اسٹوڈنٹس پر بہت برا ہوتا ہے - اس بارے میں شکایت کی جاتی ہے تو اس کا کوئی مناسب انتظام نہیں ہوتا - میں اپنے مقام بھوکردن کی مثال ہاؤس کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں - وہاں طلباء اس قدر پریس مائینڈڈ (Press Minded) ہوگئے ہیں کہ ٹیچر کو پتھروں سے مارتے ہیں - اور انہیں قتل کی دھمکی دیتے ہیں - ہیڈماسٹر کو بھی نگلکٹ (Neglect) کرتے ہیں - خود میرے پاس ایسی درخواست موجود ہے - وہ تنگ آچکے ہیں - انسپکٹر اور پولس کو بھی اس کی اطلاع دی گئی -

انہیں اپنے فرائض کے انجام دینے میں دشواری ہورہی ہے - لیکن اس کی کوئی تحقیقات نہیں ہوئی - معلوم ہوا ہے کہ ان ہی ہیڈماسٹر صاحب کے پاس تحقیقات کے لئے کارروائی بھیجی گئی ہے - میں اس ٹنڈنسی (Tendency)کی جانب آنریبل منسٹر انچارج کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں - اور کہوں گا کہ محض سرکیولر س جاری کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ہونا - بلکہ عملی میدان میں آگے بڑھنے کی ضرورت ہے - اس ٹنڈنسی کی وجہ سے عوام متاثر ہورہے ہیں - وہاں دو بلاکس پریس مائینڈڈ اور نان پریس مائینڈڈ تیار ہورہے ہیں - اس کا انسداد ہونا ضروری ہے - اگر آنریبل ممبر چاہتے ہیں تو میں اس واقعہ کی تاریخ بھی بتلاسکتا ہوں - ۲-۵-۵۳ع کو ہائی اسکول کے ایک گریجویٹ ٹیچر بھاسکر نامی پراس طرح کی کارروائی ہوئی - لیکن اب تک کوئی تحقیقات نہیں ہوئی جس کی وجہ سے وہ پریشان ہیں - اس سلسلے میں محکمہ کو سخت کارروائی کرنی چاہیئے - میں توقع کرتا ہوں کہ آنریبل منسٹر اس بارے میں فوری توجہ کریں گے -

پرائمری اسکولس ٹیچرس کے بارے میں مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ میٹریکولیٹ ٹیچر کا گریڈ (۶۵تا۱۱۵) ہے - لیکن میٹریکولیٹ ٹیچر ٹرینڈ ہونے کے باوجود انہیں ۵۰تا ۶۵یا ۳۵یا۵۰ کا گریڈ دیا جاتا ہے - وہ کوالیفائیڈ (Qualified) ہونے کے باوجود انہیں مستحقہ گریڈ نہیں دیا جاتا - اس بارے میں توجہ کی جانی چاہیئے -

ہائی اسکولس کے سلسلے میں بجٹ کے صفحہ ۱۱۲ پر یہ بتایا گیا ہے کہ محبوبیہ گرلس اسکولس اور مدرسہ عالیہ کے مڈل اسکول فار بوائیز کے پرنسپالس کو ۸۰۰تا۱۰۰۰ روپیئے تنخواہ دیجاتی ہے - ہائی اسکولس کے لئے ۴-۴ پرنسپالس ہیں - اپنڈکس ۳ - اے میں بتایا گیا ہے کہ وہاں کے پرنسپالس کو ۷۰۰تا۱۵۰۰ اور ۷۰۰تا۱۰۰۰ اور ۶۰۰ تا ۱۰۰۰ پرائمری اسکول کے ہیڈ ماسٹر کو ۳۲۵تا۴۰۰ روپیئے کے گریڈس ہیں - یہ کس طرح کے اخراجات ہیں میری سمجھ میں نہ آسکے - ایک طرف تو پرائیویٹ اسکولس کے مشکلات ہمارے سامنے ہیں - اور دوسری طرف یہ حالت ہے - اس بارے میں آنریبل منسٹر انچارج کو توجہ کرنی چاہیئے - خانگی اداروں کی جو کانفرنس حال ہی میں ڈسمبر میں ہوئی اور جس کی صدارت کا شرف عالی جناب کو حاصل ہوا اس میں کچھ سفارشات کی گئی ہیں - اور یہ مانگ کی گئی ہے کہ ایڈڈ اسکولس کو جو ایڈ دی جاتی ہے وہ لمٹڈ (Limited) نہ ہونی چاہیئے - اگر ایڈکو اسٹوڈنٹس کی تعداد پر رکھتے ہیں تو رکھا جاسکتا ہے لیکن ایسے مدارس میں ساڑھے سات سو سے ۱۰۰۰ تک اس سے زیادہ اسٹوڈنٹس نہونے چاہئیں - اس قسم کا بندھن رکھنا زیادہ موزوں ہوگا - اسی طرح وہاں کے ٹیچرس اور ملازمین کو بھی وہ تمام سہولتیں اور مراعات اور حقوق حاصل ہونی چاہئیں جو سرویس رولس کے لحاظ سے گورنمنٹ سرونٹس اور سرکاری مدرسوں کے ٹیچرس کو حاصل ہوتی ہیں - رخصتوں وغیرہ کے بارے میں انہیں وہ سہولتیں دی جانی چاہئیں -

اتنا کہکر میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

Many hon. members rose in their seats.

Mr. Deputy Speaker: There is a list with me. After exhausting the list, if any time is left, I shall call on the other members to speak. Now, Shrimati Masooma Begum.

شریمتی معصومہ بیگم (شاہ علی بنڈہ) ۔ مسٹر اسپیکر سر۔ یہ ایک قابل قدر بات ہے کہ اس سال تعلیمات کے موازنہ میں پانچ کروڑ گیارہ لاکھ رکھے گئے ہیں جس سے ظاہر ہے کہ گذشتہ دو سال کے موازنہ میں بین اضافہ ہوا ہے اس میں شکے نہیں کہ پلاننگ کمیشن نے ہمارا ملک زرعی ملک ہونے کی حیثیت سے زراعت کو زیادہ اہمیت دی ہے۔ کیونکہ ۷۰ فیصد آبادی زراعت پیشہ ہیں لیکن اس سے کوئی انکار نہیں کرسکتا کہ تعلیم بھی بہت ضروری چیز ہے کیونکہ اسی پر ملک کی ترقی کا دارومدار ہے۔ مجھے یاد ہے کہ اس اسمبلی کے گذشتہ سشن میں جبکہ یہاں ابتدائی جبری تعلیم کا قانون پیش ہورہا تھا تو اس جانب سے یہ اعتراضات کئے گئے تھے کہ اس اسکیم کو صرف کمیونٹی پراجکٹ سنٹرس کی حد تک ہی محدود رکھا جائے گا ۔ ان اعتراضات کے متعلق میں آج یہ بتانا چاہتی ہوں کہ اس اسکیم کے تحت مدارس صرف کمیونٹی پراجکٹ سنٹر کی حدتک ہی نہیں کھولے گئے ہیں بلکہ ایسے اضلاع میں جہاں کی آبادی ۲۰۰۰ سے زیادہ ہے وہاں مدرسے کھولے گئے ہیں اور تعلیم کا انتظام کیا گیا ہے۔ نہ صرف یہ بلکہ ایسے ہر دیہات میں جسکی آبادی ۵۰۰ سے زیادہ ہے وہاں بھی مدرسے قائم کئے گئے ہیں ۔اس کے معنی یہ ہیں کہ ۵۰ فیصد دیہات میں ابتدائی مدارس ہوگئے ہیں ۔ میں یہ بتلانا چاہتی ہوں کہ امریکہ میں سب سے پہلے ابتدائی تعلیم کا خیال سنہ ۱۶۴۲ ع کے قانون میں پایا گیا اور پہلا ابتدائی مدرسہ سنہ ۱۸۵۶ ع میں قائم کیا گیا اور دس سال بعد یعنی سنہ ۱۸۶۶ ع میں قانون کے ذریعہ لڑکوں کے لئے (Manual Skill) کو لازمی قرار دیا گیا ہے انگلستان میں جبری تعلیم کا آغاز سنہ ۱۸۷۰ ع میں ہوا اور مدرسہ جانے والے تمام بچوں کو اس قانون کے تحت لانے میں ۳۰ برس لگے ۔ ہمارے دستور کے لحاظ سے دس سال کی مہلت دی گئی ہے جس میں سے چار سال گزر چکے ہیں اور ابھی چھ سال باقی ہیں ۔ جس تیزی کے ساتھ ہم اس جانب آگے بڑھ رہے ہیں اوس کو دیکھتے ہوئے مجھے امید ہے کہ ہم کچھ نہ کچھ ضرور کرپائینگے ۔ اس سلسلہ میں میں یہ عرض کرونگی کہ یہ اقدام کوئی نیا نہیں ہے کیونکہ ایک آرڈیننس سنہ ۱۹۴۶ ع رو دستورالعمل لازمی تعلیم ،، کے نام سے یہاں پہلے ہی جاری کیا گیا تھا اور سنہ ۱۹۴۷ ع میں اسکا نفاذ ہوا۔ اور نہ صرف شہر حیدرآباد میں بلکہ اورنگ آباد ۔ ورنگل اور حضور نگر وغیرہ میں ایسے مدرسے شروع کئے گئے تھے جہاں ۶ تا ۸ سال کے بچوں کو اسکے تحت تعلیم دیجاتی تھی ۔ اسکے علاوہ ہمارے ہاں پندرہ سو اون ٹیچر اسکولس (One Teacher Schools) بھی کھولے گئے ہیں ۔ گو میں یہ نہیں بتاسکتی کہ ون ٹیچر اسکولس

میں آئندہ چلکر دقتیں پیش آئیں گی یا نہیں تاہم میں سمجھتی ہوں کہ اس کے لئے جو رقم مہیا کی گئی ہے اس کو احتیاط سے خرچ کرکے کفایت کو ملحوظ رکھتے ہوئے مزید ایک دو ٹیچرس کا اضافہ کیا جائے تو زیادہ بہتر ہوگا ورنہ مجھے شک ہے کہ یہ اسکیم کامیاب ہوگی یا نہیں بہر حال محکمہ تعلیمات تجربہ کرکے دیکھ سکتا ہے - ایسے مدرسے جہاں گذشتہ دو سال میں آٹھ ہزار آٹھ سو تھے وہاں اب تیرا ہزار ہوگئے ہیں - کمیونیٹی پراجکٹس میں ۷۰ مدرسے بیسک اسکول کے طور پر کھولے گئے ہیں اور دو سو ابتدائی تعلیم کے مدرسوں کو بھی بیسک اسکولس میں تبدیل کیا جارہا ہے - ایک زراعت پیشہ ملک کے لئے اس قسم کی تعلیم کو ماہران تعلیم نے مناسب سمجھا ہے عوام کی شکایت پر کہ مدرسوں میں ٹھیک طور پر کام نہیں چل رہا ہے ان شکایات کو دور کرنے اور وقتاً فوقتاً مشورہ حاصل کرنے ولیج ایجوکیشن کمیٹیاں تعلیم کو عام کرنے کے لئے قائم کئے گئے ہیں - زیادہ سے زیادہ ٹرینڈ ٹیچرس (Trained Teachers) کی ضرورت ہے اس کے لئے بھی حکومت نے کافی انتظامات کئے ہیں - اور جہاں ۷ لاکھ کے قریب خرچ ہوتا تھا ہمارے ملک کی افلاس کی یہ حالت ہے وہاں ۱۳ لاکھ ہوا ہے- اور باقی جہاں لاکھ میں دو اگر اغنیاء ہیں تو دو نیم بسمل ہیں باقی گدا ہیں اعلی ثانوی تعلیم میں کافی ترقی ہوئی ہے - اور ۲۴۰ مدارس میں اعلی تعلیم کے کلاس کھولے گئے ہیں ۳۰۶ سے ایسے مدرسے ۳۸۶ ہوگئے ہیں اور اس مد میں بھی پانچ لاکھ کا اضافہ کیا گیا ہے یعنی جہاں دو سال پہلے ۱۸ لاکھ خرچ ہوتے تھے اب (۲۳) لاکھ کی گنجائش رکھی گئی ہے - لیکن گو دستور ہند میں مساوات کے حقوق دیئے گئے ہیں محکمہ تعلیمات کو اس میں وشواس نہیں ہے- چنانچہ (۸۰) فیصد لڑکوں کے اسکولس کو امداد دیجاتی ہے تو صرف (۲۰) فیصد لڑکیوں کے اسکولس کو امداد دیجاتی ہے-

کتب خانوں کے لئے پندرہ ہزار کی رقم مختص کی گئی ہے- اور (۶۲) کتب خانے خاص خاص مقامات پر کھولے گئے ہیں - اڈلٹ ایجوکیشن سنٹرس میں دو سو کا اضافہ ہوا ہے- تعلیم پانے والوں کی تعداد ۱۰ ہزار کی بجائے ۲۸ ہزار ہوگئی ہے- پہلے یہاں صرف لکھنا پڑھنا سکھایا جاتا تھا لیکن اب یہ سنٹرز سوشیل ایجوکیشن سنٹرز میں اسکو تبدیل کیا گیا ہے - یہاں پر میں یہ کہونگی کہ ابتدائی تعلیم کو جبری قرار دینا کافی نہیں ہے بلکہ نا خواندہ کو جلد از جلد خواندہ بنانا ضروری ہے - مدرسوں کے مکانات کے متعلق بھی میں محکمہ تعلیمات کی توجہ مبذول کرانا چاہتی ہوں - ابتدائی مدارس سے لیکر کالیجز تک سوزوں مکانات کی سخت ضرورت ہے- سنا ہے کہ ۱۰ لاکھ روپیہ کرائے پر صرف ہورہا ہے - محکمہ تعلیمات نے حکومت سے چالیس لاکھ کا مطالبہ کیا ہے کہ نئے مکانات کی تعمیر کے لئے دیئے جائیں اگر حکومت اس مطالبہ کو قبول کرلے تو میں سمجھتی ہوں کہ بہت اچھا ہوگا - کیونکہ ایسے بھی مدرسے ہیں جہاں بارش میں نہ اساتذہ آسکتے ہیں اور نہ لکچر دے سکتے ہیں اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ تعلیم علی التسلسل نہیں ہو پاتی اور عین امتحان کے سلسلے دقتیں پیش آتی ہیں -

میں حکومت سے یہ بھی کہوں گی کہ تنخواہوں کے اضافے کی جانب متوجہ ہو - میں مانتی ہوں کہ ہمارے ہاں جو تنخواہیں دیجاتی ہیں وہ دوسرے پراونسس مثلاً بمبئی اور مدراس وغیرہ کے مقابلہ میں زیادہ ہیں تاہم میں سمجھتی ہوں کہ ان میں اضافہ ہونا چاہئے تاکہ وہ خاطر خواہ اپنے فرائض کو انجام دے سکیں - یونیورسٹی پر ہم ۶۰ لاکھ روپیہ خرچ کر رہے ہیں - جب ابتدائی تعلیم ہم نے مفت کردی ہے تو زیادہ توجہ ثانوی تعلیم پر دینا چاہئے اور اس کا ٹھیک انتظام ہونا چاہئے - میں سمجھتی ہوں کہ صرف ۵ فیصد طلباً ایسے ہیں جو یونیورسٹی کی تعلیم تک پہنچتے ہیں تو ان مصارف کو اگر کم کیا جائے تو کوئی حرج نہیں -

ٹکنیکل ایجوکیشن پر میں سمجھتی ہوں کہ کافی خرچ نہیں کیا جارہا ہے- میسور جیسے اسٹیٹ میں ۱۰ - ۱۵ لاکھ اسپر خرچ ہوتا ہے- اور بمقابل وہاں کے ہمارے ہاں بہت کم گنجائش رکھی گئی ہے- سنٹرل اڈوائیزری بورڈ (Central Advisory Board) نے اس بات پر زور دیا ہے کہ ابتدائی تعلیم باالکلیہ حکومت اپنے ہاتھ میں لے لے - میں کہونگی کہ ابتدائی تعلیم کے ساتھ ساتھ ثانوی تعلیم کے لئے بھی صرف پرائیوٹ ایجنسیز کو چندہ دیکر حکومت اس جانب متوجہ نہ کرے بلکہ خود حکومت اس جانب متوجہ ہو تو بہتر ہوگا -

* شری اناجی راؤ گوانے - مسٹر اسپیکر سر - آج تعلیم کے سلسلہ میں جو ڈیمانڈ ہمارے سامنے پیش ہے اس کے متعلق عوام کی چرچہ یہ ہے کہ تعلیم کے لئے بجٹ میں کافی رقم رکھی گئی ہے اور دن بدن ہمارے پاس تعلیم کی کافی ترقی ہورہی ہے- میں خاص طور پر جو بجٹ ہمارے سامنے پیش کیا گیا ہے اوس کے تعلق سے ایک چیز بتانا چاہتی ہوں کہ پانچ کروڑ کی جو رقم رکھی گئی ہے اس میں سے نصف رقم پرائمری ایجوکیشن پر خرچ ہوتی ہے سکنڈری ایجوکیشن پر ایک کروڑ ۲۷ لاکھ خرچ کئے جاتے ہیں اور کالجز کو ۵۲ لاکھ کی امداد دی جاتی ہے- میں یہ واضح کردینا چاہتا ہوں کہ گذشتہ سال جو منسٹر صاحب تھے انہوں نے کہا تھا کہ سکنڈری ایجوکیشن کی حد تک گورنمنٹ چاہتی ہے کہ اسکو زیادہ سے زیادہ پبلک کے حوالے کرے اور پرائیمری ایجوکیشن کو گورنمنٹ زیادہ فروغ دینے کی کوشش کر رہی ہے اور اسپر زیادہ خرچ کررہی ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ پرائیمری ایجوکیشن کو جسقدر اہمیت دی جاتی ہے اتنی ہی اہمیت سکنڈری ایجوکیشن کو بھی دینا چاہئے اس لحاظ سے گورنمنٹ کی پالیسی ضرور بدلنا چاہئے سکنڈری ایجوکیشن کو گورنمنٹ پبلک کے حوالہ کرنا چاہتی ہے تو میں یہ کہونگا کہ آج جو حالت پبلک سیکٹر (Public sector) کی ہے اور جو امداد وہ چاہتے ہیں اسکے لحاظ سے گورنمنٹ کو عمل کرنا چاہئے ہیں سکنڈری ایجوکیشن پبلک کے حوالے کرنے کا گورنمنٹ کا جو خیال ہے میں اسکو تسلیم کرنے کے لئے بالکل تیار نہیں ہوں میں کہونگا کہ گورنمنٹ کو خود یہ ذمہ داری قبول کرنا چاہئے - کیونکہ صرف پرائیمری ایجوکیشن سے منشاً پورا نہیں ہو سکتا - اگر آپ کو صحیح معنوں میں

توڈیموکریسی کو چلانا ہے اور پبلک میں ذمہ داری کا احساس پیدا کرنا ہے اور پبلک میں شعور پیدا کرنا ہے تو اسکے لئے ضرورت اسکی ہے کہ گورنمنٹ سکنڈری ایجوکیشن ذمہ داری خود قبول کرے ۔ اگر اسطرح گورنمنٹ پبلک کی امداد کرے تو پبلک بھی گورنمنٹ کی امداد کے لئے تیار ہے۔لیکن ساتھ ساتھ نان ریکرنگ گرانٹس (Non-recurring Grants) وغیرہ یہ ایسی چیزیں آتی ہیں کہ گورنمنٹ منہ موڑ لیتی ہے۔ ہائی اسکول کی بلڈنگ تعمیر کرنا ۔ فرنیچر مہیا کرنا ۔ اور دیگر آلات سائینس مہیا کرنا یہ کوئی آسان کام نہیں ہے کہ پبلک بطور خود کامیابی کے ساتھ چلا سکے ۔میں یہ نہیں کہتا کہ پبلک امداد نہ کرے لیکن اسکے ساتھ ساتھ گورنمنٹ کو چاہئے کہ زیادہ سے زیادہ امداد سکنڈری ایجوکیشن کے لئے دے اور پبلک انٹرسٹ (Interest) لینے کی کوشش کرے ۔ ہم دیکھتے ہیں کہ گذشتہ سال بجٹ میں گرانٹ ان ایڈ کیلئے ۱۵ لاکھ رکھے گئے تھے لیکن اس سال اس رقم میں کمی کی گئی ہے۔ ایک دو لاکھ کی کمی ہوگئی ہے۔ اگر گورنمنٹ کا منشاء یہ ہے کہ سکنڈری ایجوکیشن پبلک کے ہاتھ میں جائے اور گورنمنٹ اس میں امداد کرے تو زیادہ سے زیادہ ہائی اسکولس کھولنا چاہئے اور نان ریکرنگ اینڈ ریکرنگ گرانٹس (Non-recurring and Recurring Grants) زیادہ سے زیادہ دینا چاہئے اورنگ آباد میں ایک ہائی اسکول جو پبلک کی جانب سے چلایا جاتا ہے۔ آج وہاں پبلک نے لاکھوں روپیہ چندہ جمع کرکے بلڈنگ بنانے کی کوشش کی ہے لیکن وہ اب تک مکمل نہیں ہو سکا ۔ جب تک گورنمنٹ کسی حد تک امداد نہ کرے کام پورا نہیں ہو سکتا ۔ صرف مدرسہ چلانا ہی ایک کام نہیں ہے بلکہ مدرسہ کے لئے گورنمنٹ کی طرف سے جگہ بھی ملنی چاہئے بلڈنگ ملنی چاہئے یہ چیزیں ایسی نہیں ہیں کہ ہزاروں روپیے میں انکی تکمیل ہوسکے بلکہ اسکے لئے لاکھوں روپیہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس لئے میں کہونگا کہ حکومت نہ صرف پرائیمری ایجوکیشن کی جانب توجہ دے بلکہ سکنڈری ایجوکیشن کی جانب بھی مساوی طور پر متوجہ رہے تاکہ صحیح معنوں میں ہماری پبلک لیٹریٹ (Public Literate) کہلائی جاسکے ۔ یہاں تو لیٹریسی (Literacy) کے معنی صرف یہ لئے جاتے ہیں کہ دستخط کرنا آئے تو کافی ہے۔ ڈیموکریسی کوسمجھنے کے لئے الکٹوریٹ (Electorate) میں صلاحیت پیدا جب تک نہ کیجائے اوس وقت تک الکٹوریت اس ذمہ داری کو نہیں محسوس کر سکتے اور اس وقت تک صحیح معنوں میں ڈیموکریسی قائم نہیں ہو سکتی ۔ اس کے معنی یہ نہیں ہیں کہ میں پرائیمری ایجوکیشن کو کم وہمیت دے رہا ہوں یہ نہیں بلکہ میں یہ چاہتا ہوں کہ پرائیمری ایجوکیشن کے ساتھ ساتھ سکنڈی ایجوکیشن کو بھی اتنی ہی اہمیت دیجائے جتنی پرائمری ایجوکیشن کو دیجارہی ہے۔

سکنڈری ایجوکیشن کو بھی کم ازکم گورنمنٹ اپنے ہاتھ میں لے ۔ پبلک سکٹر بھی آج ہائی اسکول چلانے کے لئے تیار ہے لیکن کم ازکم گورنمنٹ کو بھی اوس میں اپنا فی صد حصہ مقرر کرلینا چاہئیے جیسا کہ پرائمری اسکول کی حد تک طے کیا گیا کہ اگر پبلک مدرسوں کی تعمیر کے سلسلہ ۳-۱ رقم دیتی ہے یا لیبر کے سوروپ (स्वरूप)

میں مدد کرتی ہے تو گورنمنٹ بھی ۳-۴ حصہ دینے کے لئے تیار ہے۔ اوسی طرح ہائی اسکولس کی تعمیر کے سلسلہ میں بھی حصہ مقرر کردے کہ اگر پبلک آدھا حصہ دیتی ہے تو گورنمنٹ بھی آدھا حصہ دیگی ۔ فرنیچر اور اپریٹس (Apparatus) وغیرہ کے آدھے اخراجات پبلک برداشت کرتی ہے تو گورنمنٹ بھی آدھا حصہ برداشت کریگی ۔ اگر ایسا کیا جائیگا تو میں سمجھتا ہوں کہ سکنڈری ایجوکیشن کے قیام کے سلسلہ میں پبلک سکٹر میں جو پستی ہے وہ دور ہوجائے گی اور سکنڈری ایجوکیشن کو فروغ ہوسکے گا ۔

دوسری چیز یہ ہے کہ میں نے کئی لوگوں سے یہ سنا ہے اور ان امپلائمنٹ کمیٹی (Unemployment Committees) میں بھی اسکی چرچا ہوئی تھی کہ آج کل ان امپلائمنٹ کا سوال جب آتا ہے تو ایجوکیٹیڈ ان امپلائمنٹ کا سوال سب سے پہلے ہمارے سامنے آتا ہے ۔ کہا جاتا ہے کہ بہت سے لوگ تعلیم پارہے ہیں اس لئے ان امپلائمنٹ بڑھ رہا ہے ۔ لیکن میں یہ کہونگا کہ یہ خیال بالکل غلط ہے ۔ یہ کسی طرح صحیح نہیں ہوسکتا ۔ جیسا کہ ایک آنریبل ممبر نے کہا جو لڑکے تھرڈ کلاس میں میٹرک کامیاب کرتے ہیں ان کو ہائر ایجوکیشن کی اجازت نہیں مل سکتی اور وہ لوگ جو ہائر ایجوکیشن حاصل کرنا چاہتے ہیں نہیں کرسکتے ۔ میں اس پالیسی کی مخالفت کرتا ہوں ۔ ممکن ہے یہ کہا جائے کہ آپ اس طرح ان امپلائمنٹ بڑھانے کی کوشش کررہے ہیں ۔ لیکن میرا یہ مقصد نہیں ہے ۔ اگر آپ تعلیم کا اسٹانڈرڈ بڑھانا چاہتے ہیں تو اس کے لئے یہ طریقہ صحیح نہیں ہوسکتا ۔ آپ تھرڈ کلاس کو پاسنگ کلاس ہی مت قرار دیجئے ۔ جیسا کہ ہمارے پاس تھا اور آج بھی بعض موقعوں کے لئے ہے ۔ جیسا کہ لا ڈگری کے لئے سکنڈ کلاس گرائجویٹ کو ہی لیا جاتا ہے ۔ اس لئے میٹریکولیشن کا اسٹینڈرڈ بڑھانے کیلئے ایسا کیا جاسکتا ہے ۔ عام طور پر یہ شکایت ہے کہ تھرڈ کلاس میٹریکیولٹ سنٹنس (Sentences) بھی برابر نہیں لکھ سکتے ۔ لیکن اسکو روکنے کا یہ طریقہ نہیں ہوسکتا کہ اوسکو ہائر ایجوکیشن میں جانے سے روکدیا جائے اوس کے لئے اس کے بعد سوائے نوکری کرنے کے کوئی دوسرا راستہ نہیں رہتا ۔ ممکن ہے یہ کہا جائے کہ ٹیکنیکل ایجوکیشن میں اون کو لیا جاتا ہے ۔ میں صرف ایک دو منٹ میں ہی اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔ لیکن میں آپ کو بتاؤنگا کہ ایسے میٹریکولیٹس کے لئے ہمارے پاس کیا انتظام ہے ۔ ہمارے پاس ٹیکنیکل اور ووکیشنل ایجوکیشن کے جو اسکولس اور کالج ہیں جیسے کہ عثمانیہ ٹکنیکل کالج حیدرآباد وغیرہ وہاں بھی صرف فرسٹ کلاس اور سکنڈ کلاس میٹریکولیٹس کو لیا جاتا ہے ۔ وہاں (۸۰) سیٹس رکھے گئے ہیں ۔ اوس میں الکٹرک ٹریننگ کورس (Electric Training Course) اور میکانیکل ٹریننگ کورس (Mechanical Training Course) میں مڈل کلاس اور سکنڈری اسٹوڈنٹس کو لیا جاسکتا ہے ۔ اور ڈومسٹک سائنس اور آرٹیکلچرل انٹر ڈپلوما کورس میں میٹرک اور ہائر سکنڈری اسٹوڈنٹس کو لیا جاتا ہے ۔ ڈپلوما ان پینٹنگ اور ڈپلوما ان کامرس میں سو دو سو سیٹس رکھے گئے ہیں جہاں یہ

ہے کہ کوئی شخص ہائر تعلیم حاصل کرسکے ہوں اس کے بعد ان کے لئے کوئی راستہ نہیں رہتا۔ آج کل ہمارے لڑکے تعلیم حاصل کرنے کی طرف جارہے ہیں اون کو اس طرح تعلیم حاصل کرنے سے روکنا صحیح طریقہ نہیں ہوسکتا۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ ہمارے رورل طبقہ کے لڑکے جن کو سکنڈری اور ہائر ایجوکیشن حاصل کرنے کے مواقع کم ہیں وہ یہ تعلیم حاصل کریں تو پھر ہرڈ کلاس میٹریکولیشن کو آگے تعلیم حاصل کرنے سے روکنا صحیح طریقہ نہیں ہوسکتا۔ ہماری بہنوں نے ہیں یہ کہا ہے کہ وہ بھی تعلیم میں بہت پیچھے ہیں۔ میں اون کے لئے دوسرا راستہ بتانا چاہتا ہوں۔ لیکن دیہات کے لوگ جو آج تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں جو لوگ مڈل کلاس ٹیزنٹری اور لیبرس کے طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں وہ سکنڈری اور ہائر ایجوکیشن حاصل کرنا چاہتے ہیں تو کیا انکے اکنامک حالات اونکی اجازت دے سکتے ہیں۔ میں کہونگا کہ اس کے برخلاف اون کے حالات ایسے ہیں کہ وہ ایسی تعلیم حاصل نہیں کرسکتے۔ البتہ جیسا کہ چائنا میں کیا گیا یہاں بھی کرنا مناسب ہے۔ وہاں انہوں نے غریب طبقہ کے لوگوں کو سکنڈری اور ہائرایجوکیشن کے سلسلے میں نہ صرف اسکالرشپس۔ رعایتی وظیفے دے کر تعلیم حاصل کرنے کی ترغیب دئے ہیں بلکہ اونکے ہیوی اکسپنسس (Heavy expenses) بھی حکومت برداشت کرتی ہے۔ آج ہمارے ملک کا سب سے بڑا طبقہ اگریکلچرسٹ اور لیبر طبقہ ہے۔ اون کے بچوں کو زیادہ سے زیادہ ہائر اور سکنڈری ایجوکیشن دلانے کیلئے آپ کیا ترغیب دے رہے ہیں۔ بیک ورڈ کلاسس کے لئے ایک کمیٹی مقرر کیگئی تھی۔ سوشل سروس ڈپارٹمنٹ پر کریٹیسیزم کے وقت یہ صاف طور پر اقبال کرلیا گیا تھا کہ بیک ورڈ کلاسس کے لئے کچھ بھی نہیں رکھا گیا۔ ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ کی جانب سے نہ تو اسکالرشپس دئے جاتے ہیں نہ اور طور پر اون کی مدد کیجاتی ہے۔ میں نے اسکالرشپ کے آئٹم کو دیکھنے کی کوشش کی تو معلوم ہوا کہ بیک ورڈ کلاسس کے اسکالرشپس کیلئے ۴ لاکھ روپیہ رکھے گئے ہیں جس میں سے دو لاکھ روپیہ فارین اسکالرشپس (Foreign Scholerships) کے لئے۔ ایک لاکھ پرانے رعایتی وظائف کے لئے اور ایک لاکھ فرسٹ اور سکنڈ کلاس اسٹرڈنٹس کے لئے ہیں۔ اسکالرشپس کے ذریعہ یا کسی اور طور پر مدد کرنے کے لئے کوئی رقم مجھے بجٹ میں نظر نہیں آئی۔ اگر دراصل آپ چاہتے ہیں کہ وہ کچلا ہوا طبقہ زیادہ سے زیادہ سکنڈری اور ہائر ایجوکیشن حاصل کرے اور وہ اس قابل ہوسکے کہ ڈیموکریسی کے صحیح معنے سمجھ سکے اور گورنمنٹ میں حصہ لینے کے قابل ہوسکے یا باہر سے جو اکسپرٹس کی امداد لی جاتی ہے اسکے بجائے یہی لوگ اکسپرٹس بنیں تو اونکو زیادہ سے زیادہ تعلیم کے مواقع دینا ضروری ہے۔ وہ لوگ بھی اکسپرٹس ثابت ہوسکتے ہیں۔ ممکن ہے یہ کہا جائے کہ کیا آپ یہ سمجھتے ہیں کہ بیک ورڈ کلاسس کے لوگ اکسپرٹس ہوسکتے ہیں اور بیک ورڈ کلاسس اکسپرٹس نہیں مل سکتے۔ مل سکتے ہیں ضرور مل سکتے ہیں لیکن بہت سے لوگ ایسے ہیں جنہیں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا موقع نہ ملنے کی وجہ سے اون کے گن چھپے ہوئے ہیں اور ملک کو اون سے فائدہ نہیں ہورہا ہے اس لئے گورنمنٹ کو اس پر زیادہ سے زیاد غور کرنا چاہئے۔

فیمیل ایجوکیشن کے سلسلہ میں ہماری بہنوں نے کہا ہے کہ پردہ سسٹم دور کرنا چاہئے - اور یہ بھی کہا کہ ممکن ہے کہ ہمارے بھائی یہ سمجھتے ہیں کہ اگر عورتیں زیادہ ایجوکیٹڈ ہوگئیں تو مردوں کو کھانا پکانے کی نوبت آجائے گی میں اون کہ وشواس دلانا چاہتا ہوں کہ ہم اس چیز سے ڈرتے نہیں - ہم بھی یہ چاہتے ہیں کہ ہماری بہنیں زیادہ سے زیادہ تعلیم یافتہ ہوں - چنانچہ میں آنریبل ایجوکیشن منسٹر سے یہ کہوں گا کہ جتنے بھی پرائمری اور سکنڈری اسکولس ہیں اور کالجس ہیں اون میں اون کو بھی شریک ہونے کی اجازت دیجائے - اور کوایجوکیشن ہر جگہہ جاری کیا جائے - اون کے لئے کہیں بھی ریزرویشن (Reservation) نہ رکھا جائے میں سمجھتا ہوں کہ کہیں بھی ایسا نہیں ہے- لیکن یہ جو کہا جارہا ہے کہ گرلس اور عورتوں کے لئے کم اخراجات کئے جاتے ہیں کس حد تک صحیح ہو سکتا ہے -

شریمتی شاہ جہاں بیگم - عورتوں کو فیسیلیٹیز (Facilities) بھی نہیں دیجاتی ہیں -

شری اناجی راؤ گوانے - فیسیلیٹیز ضرور دیجانی چاہئے لیکن آپ یہ کسطرح کہہ سکتی ہیں کہ آپ ہمارے مانباپ کو سمجھائیں کہ ہمارا پردہ نکال دیا جائے - ہمارے آنریبل ممبرس ضرور یہ چاہتے ہیں کہ عورتیں بھی اڈمنسٹریشن میں حصہ لینے کے قابل ہو سکیں - لیکن اون میں یہ جرات نہیں ہے کہ وہ کہہ سکیں کہ پردہ سسٹم دور کیا جائے اور ایک ساتھ پڑھیں - وہ کہتے ہیں کہ آپ ایجیٹیشن(Agitation) کرتے ہیں مانگوں کے لئے ہڑتال کرتے ہیں - تو ایجوکیشن حاصل کرنے کے سلسلہ میں بھی اور پردہ سسٹم دور کرنے کے سلسلہ میں بھی ہڑتال کریں اور پردہ سسٹم اٹھائیں- . . .

شریمتی شاہ جہاں بیگم - رفتہ رفتہ اٹھ جائیگا -

شری اناجی راؤ گوانے - مجھے اس سلسلہ میں یہی کہنا ہے کہ زیادہ سے زیاد فیسیلیٹیز آپ چاہتی ہیں تو کسی اور طور پر دیجاسکتی ہیں - میں معزز منسٹر سے استدعا کرونگا کہ اون کو بھی فیسیلیٹیز مہیا کئے جائیں اور اون کو تعلیم حاصل کرنے کی ترغیب دینے کے لئے الونس کے طور پر یا وظیفہ کے طور پر دئے جائیں لیکن یہ ہمارا نظریہ ہونا چاہئے کہ اون لڑکے اور لڑکیوں کی مدد کی جائے جو غریب طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں - مدرسے تو سب کے لئے کھلے ہوئے ہیں لیکن یہ دیکھنا چاہئے کہ وہ کس طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں - اوس کے علاوہ کوایجوکیشن کو بھی انکریج (Encourage) کرنے کی کوشش کی جائے تو ہماری بہنوں کی شکایت دور ہوجائیگی - نیشنل کیڈٹ کور کے سلسلہ میں (۳،۷۰،۰۰۰) کی رقم رکھی گئی ہے - یہ کہاں کام کررہا ہے اور کیسے کام کر رہا ہے اس کا مجھے پتہ نہیں چلا کہ کہاں اور کسطرح کی ٹریننگ دینے کی کوشش کی جا رہی ہے - کیا ڈرل کے طور پر جو ٹریننگ دیجاتی ہے وہ بھی اس

میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل منسٹر سے یہ کہونگا کہ آج کے حالات کے لحاظ سے جہاں تک ہوسکے کالجس میں اور سکنڈری اسکولس میں ملٹری ایجوکیشن کمپلسری کرنے کی کوشش کی جائے ۔ کم از کم کالجس میں جہاں گریجویٹس تعلیم حاصل کرتے ہیں فوجی تعلیم حاصل کرنے کی ترغیب دیجانی چاہئے ۔ ایک ہی قسم کی تعلیم کی بجائے ملٹری تعلیم بھی دیجائے تاکہ آنے والے حالات میں ہمارے بچے ملٹری مین کے طور پر کام آسکیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل منسٹر اس پر ضرور غور کرینگے ۔

دوسری چیز مجھے یہ کہنا ہے کہ مرہٹواڑہ کے خاص حالات (پھر کہا جائیگا کہ مرہٹواڑہ کا لفظ آگیا) لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس کے خاص حالات کے لحاظ مرہٹواڑہ کے کسی ایک سنٹر میں اگریکلچرل کالج ہونا ضروری ہے ۔ ہمارے پاس اگریکلچر کا ہی ایک ایسا پیشہ ہے جس میں موجودہ حالت میں زیادہ سے زیادہ آدمیوں کی کھپت ہوسکتی ہے اور اس سے زیادہ سے زیادہ پیسہ کمایا جاسکتا ہے ۔ اس پیشہ سے نہ صرف آمدنی بڑھ سکتی ہے بلکہ ملک میں امن و امان قائم رکھتے ہوئے روزگار بھی فراہم ہوسکتا ہے ۔ اس لئے اگر ہمارے ملک کو ایسا دیش بنانا ہے جہاں کسی چیز کی قلت نہو تو اگریکلچرل ایجوکیشن کی زیادہ سے زیادہ ترغیب دینے کی کوشش کرنا چاہئے ۔ اس لئے میری یہ سفارش ہے کہ آندھرا میں اور مرہٹواڑہ میں ایک ایک اگریکلچرل کالج قائم کیا جائے تاکہ ہمارے بچے میٹرک کامیاب ہونے کے بعد بجائے اس کے کہ نوکری کی تلاش میں سرگردان پھریں اگریکلچر کی تعلیم حاصل کر کے خود ذاتی کاشت کرسکیں ۔ اس لئے میری آخر میں یہی سوجھنا ہے کہ ملٹری ایجوکیشن کے ساتھ ساتھ اگریکلچرل ایجوکیشن کے لئے بھی حکومت ضرور توجہ کرے ۔

شری شرن گوڑہ ۔ میں سمجھتا ہوں کہ مجھے دس منٹ ملنا چاہئے ۔

شری شیش راؤ ۔ اسپیکر سر ۔ مجھے پانچ منٹ دئے جائیں میں بہت دیر سے کھڑا ہوں ۔

شری شرن گوڑہ ۔ کرناٹک کی طرف سے کوئی رپریزنٹیشن نہیں ہوا اسلئے مجھے دس منٹ ملنے چاہئیں ۔

منسٹر فار ایجوکیشن اینڈ لوکل سلف گورنمنٹ (شری گوپال راؤ اکبوٹے) ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ یہ واقعی بڑی مسرت کی بات ہیکہ ایجوکیشن بجٹ کا عام طور پر اپوزیشن کی طرف سے اور ادھر سے بھی استقبال کیا گیا ۔ نہ صرف اس لئے کہ پروپورشنیٹلی (Proportionately) کافی رقم ایجوکیشن پر صرف کی جارہی ہے بلکہ اس کے مختلف مدات میں جتنی رقم بتلائی گئی ہے وہ مناسب ہے اس وجہ سے دونوں طرف سے اچھی رائے کا اظہار کیا گیا ہے ۔ میں اس کو بہت ہی مبارک موقع سمجھتا ہوں کہ جو اچھا جذبہ اسمبلی کے باہر عوام میں کام کررہا ہے اور جو جوش تعلیمی میدان میں آج ریاست حیدر آباد میں موجود ہے اس کا ہی عکس ایوان میں بھی ہے

آج ہر مقرر کی جانب سے اس کا استقبال کیا گیا تو مجھے وہ کوٹیشن (Quotation) یاد آیا جو ہاؤز آف کامنس (House of Commons) میں ایجوکیشنل سسٹم اور ایجوکیشنل پیٹرن (Educational pattern) پر غور کے وقت اپوزیشن کی طرف سے کہا گیا تھا ۔ ان دونوں کے متعلق اچھے خیالات کا اظہار کرتے ہوے ایک معزز رکن نے جو کہا تھا اس کے پورے الفاظ صحیح طور پر مجھے یاد نہیں ہیں لیکن لگ بھگ یہی الفاظ ان کے تھے اگر میں انکو نہیں بھولتا ہوں ۔

You have perhaps discovered that despite the ideologies that separate us you can be our comrades in the work and that you will be able to meet us in the workshop of educational reconstruction where you had hitherto left us very much alone.

یہ جملہ جو ہاؤز آف کامنس میں کہا گیا تھا میں سمجھتا ہوں کہ میں زیادہ امور طریقہ پر اوسے اس ایوان میں استعمال کرسکتا ہوں اور یہ کہہ سکتا ہوں کہ کم از کم ایجوکیشنل ری کنسٹرکشن (Educational reconstruction) کا ایک ایسا میدان ہے جس میں اگرچیکہ ایڈیالوجیز (Ideologies) کسی حدتک مختلف ہیں لیکن پھر بھی میں اپنے آپ کو ان سے بالکل متفق پاتا ہوں ۔ اور جیسا کہ میں نے کہا وہ نہ صرف ایجوکیشن پیٹرن بلکہ ایجوکیشن سسٹم کو بھی قبول کرتے ہیں سوائے ایک دو معزز ارکان کے جنہوں نے بیسک ایجوکیشن (Basic education) کے تعلق سے اختلاف ظاہر کیا ۔ لیکن جہاں تک آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن اور آنریبل لیڈر آف دی یو ۔ پی ۔ پی ۔ کا تعلق تھا انہوں نے بیسک ایجوکیشن سے اختلاف نہیں کیا ۔ البتہ سکنڈری ایجوکیشن (Secondary education) کی حدتک ایک قدم آگے جاکر انہوں نے اپنی اینگزائٹی (Anxiety) ظاہر کی کہ ڈائورسیفائیڈ کورس (Diversified course) کو جلد عمل میں لانا چاہئے ۔ اسیطرح آنریبل لیڈر آف دی یو ۔ پی ۔ پی ۔ نے ملٹری ایجوکیشن (Military education) سے متعلق جو کچھ کہا ہے (اگرچیکہ میں ملٹری ایجوکیشن سے واقف نہیں ہوں) اسپر جب میں آؤنگا تو اسوقت انکی معلومات کیلئے کچھ چیزیں بتلاؤنگا ۔ مجھے امید ہے کہ وہ بھی مطمئن ہوجائینگے ۔ جیسا کہ میں نے کہا میں بہت مسرور ہوں کیونکہ آزادی کے بعد کئی پرابلمس (Problems) جو کہ ایک انڈیپنڈنٹ انڈیا (Independent India) کو فیس (Face) کرنا تھا ان میں ایجوکیشن جسکو میں پرابلم نمبر ون (Problem No. 1.) کہتا ہوں وہ بھی شامل تھا ۔ اس اہم مسئلہ کی نسبت جسکو کہ ایوان نے محسوس کرلیا کافی اونچے معیار کی تقاریر سے سراہا گیا اور بہت ہی بلند خیال سے کچھ سجیشنس (Suggestions) دئے گئے ۔ ان پر بہت ہی اعلی پیمانے پر ڈسکشن ہوا اسلئے میں انکا مشکور ہوں ۔

Points

Topics

Anxiety

Cover

Outside India

Field

Suppressed Field

Expansion

Quantitative

Quality

اور ایفیشنسی (Efficiency) بھی بڑھے گی کیونکہ آخر کسی حکومت کا یہی مطمح نظر ہوسکتا ہے کہ بڑی تعداد میں مدارس کھولے جائیں اور جو مینس (Means) حاصل ہیں ان سے لڑکوں اور لڑکیوں کو صحیح تعلیم پہنچائیں۔ یہی ہمارا بھی مطمح نظر ہے۔ اس لئے اکسپینشن میں زیادہ متوجہ ہونا بھی ایک فطری بات ہے ۔ اور اس کے بعد فطری طور پر جو دوسرا قدم اٹھتا ہے وہ ایفیشنسی کی طرف اٹھتا ہے۔ اس کے لئے حکومت نے جو اقدام کیا ہے وہ ایوان کو معلوم ہے اور اس سلسلہ میں جو اعداد میں ایوان کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں وہ دوسرے صوبوں کے ٹوٹل ریوینیو (Total Revenue) اور وہاں ایجوکیشن پر جو رقم خرچ ہورہی ہے اسکے اعداد بھی ہیں اور علحدہ علحدہ طور پر پرائمری اور سکنڈری ایجوکیشن ۔ ٹکینکل اور ہائر ایجوکیشن پر جو خرچہ ہو رہا ہے اسکے بھی اعداد ہیں۔ اور جو تناسب یا پرسنٹیج میں نے نکالا ہے وہ بھی ہے لیکن چونکہ وقت تھوڑا ہے اور باتیں بہت کرنی ہیں اس لئے مختلف صوبوں کے لحاظ سے پرسنٹیج سامنے رکھتے ہوئے میں اس کا فیصلہ ایوان پر چھوڑتا ہوں کہ دیگر صوبجات کے پرسنٹیج کے مقابلہ میں یہاں کا پرسنٹیج ٹھیک ہے یا نہیں ۔

آندھرا	۲۰ پرسنٹ آف دی ٹوٹل ریوینیو
بہار	۲۰٫۹
مدراس	۱۹
مدھیہ بھارت	۱۵٫۳
بمبئی	۱۹٫۵
وسٹ بنگال	۱۶٫۸
اتر پردیش	۲٫۲
حیدرآباد	۱۹

اس سے ظاہر ہوگا کہ یہاں کا خرچ بعض صوبوں سے کچھ زیادہ ہی ہے اور بعض صوبوں سے جہاں کہ ۲۰ پرسنٹ یا ۱۹ پرسنٹ کچھ پوائنٹس ہیں ان سے کچھ کم ہے۔ اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ اسی ایک وجہ کی بناء پر کمپاریٹیولی (Comparatively) ایک سکون ایجوکیشنل فیلڈ میں نظر آرہا ہے۔

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—बजेट में आदाद १८०२ दिये गये हैं।

شری گوپال راؤ اکبوٹے ۔ نیو آئٹمس بھی ہیں اسکے لحاظ سے ۱۹٫۰ ہوتا ہے۔ انٹرنل چکنگ (Internal Checking) کریں تو ۵ کروڑ کی رقم خرچ کر رہے ہیں اسکے جو تین اسٹیجس ہیں پرائمری ۔ ہائیر اور یونیورسٹی ایجوکیشن اسکی نسبت میں تھوڑا سا کنفیوژن (Confusion) ہاؤز میں

پانا ہوں ۔ وہ اسوجہ سے کہ بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ پرائمری ایجوکیشن پر توجہ زیادہ کرنی چاہئیے اور ہائر ایجوکیشن پر کم ۔ دوسری طرف یہ کہا گیا ہے کہ جسطرح حکومت پرائمیری ایجوکیشن کے فیلڈ پر اپنی ذمہ داری سمجھتی ہے اسی طرح سکنڈری ایجوکیشن کے فیلڈ کی ذمہ داری بھی حکومت کو کلیتاً اپنے اوپر لینی چاہئیے ۔ ایجوکیشن فری (Free) کرنی چاہئیے اس طرح کے مباحث بھی کئیے گئیے ۔ عام طور پر یہ بتایا گیا ہے ۔ اس کے لئیے ہمیں بجٹ کو سامنے رکھکر پہلے پرائرٹیز (Priorities) مقرر کرلینا ہوگا ۔ اس کے ساتھ ساتھ بنیادی طور پر ہم اس چیز کو نظر انداز نہیں کر سکتے کہ کانسٹی ٹیوشن کے آرٹیکل ۴۵ کے لحاظ سے کانسٹی ٹیوشن کے نفاذ کے ۱۰ سال کے اندر ۶ سے ۱۴ سال کی عمر کے بچوں کے لئیے مفت تعلیم کا انتظام حکومت کو کرنا ہے۔ کانسٹی ٹیوشن میں یہ ڈائرکٹیو (Directive)ہے ۔ یہ اسٹیاچوٹری ابلیگیشن (Statutory Obligation) ریاستوں نے قبول کیا ہے۔ اور ایجوکیشن اسٹیٹ سبجکٹ (State Subject)ہے۔اس کمٹمنٹ (Commitment) کے بعد یہ نہیں کہا جا سکتا کہ پرائمیری ایجوکیشن کے مقابلہ میں سکنڈری ایجوکیشن یا ہائر ایجوکیشن یا یونیورسٹی ایجوکیشن پر زیادہ خرچ کرنا چاہئیے ۔ یہ فطری بات ہے کہ جب کانسٹی ٹیوشنل کمٹمنٹ Constitutional Commitment)یہ ہے کہ ۱۰ سال کے اندر پرائیمری ایجوکیشن کو اسطرح پھیلانا ہے کہ ولیجز اور رورل ایریاز (Rural Areas) کے بچوں کے لئیے خاص طور پر مفت تعلیم کا انتظام کیا جائے ۔ اس میں سے ۳-۴ سال تو گزر چکے ہیں۔ یہ بات تو مسلمہ ہے کہ سنہ ۱۹۴۸ء کے مقابلہ میں ۵۳-۱۹۵۴ء میں ۱۳ ہزار پرائیمری اسکولس قائم ہوئے ہیں ۔ ان میں والنٹری (Voluntary)ایڈڈ (Aided)اور ون ٹیچر ۔ ٹو ٹیچر ۔ تھری ٹیچر سب شامل ہیں۔ میں انکی تفصیلات میں جانا نہیں چاہتا کہ انکا تناسب کیا ہونا چاہئیے ۔ ہم نے ۵ سو یا اس سے اوپر کی آبادی کے لئیے ایک ایک اسکول فراہم کیا ہے۔ اب ۵۰۰ سے کم آبادی کے ولیجس باقی رہ گئیے ہیں ان میں بھی جن کی آبادی زیادہ ہے وہاں دو دو تین تین کو ملا کر ایک ایک اسکول قائم کرنے کا کام رہ گیا ہے ۔ البتہ کنسالیڈیٹری ایفیشنسی (Consolidatory Efficiency) کے لحاظ سے ۵۰۰ سے اوپر کی آبادی میں جہاں والنٹیری اسکولس ہیں وہاں ہر موضع میں جسکی آبادی ۱۰۰۰ سے اوپر ہو ون ٹیچر اسکولس تو ہم نے قائم کئیے ہیں۔ اس سلسلہ میں ایک اعتراض یہ کیا گیا کہ والنٹیری ایڈڈ اسکول کے ٹیچر پر ساری ذمہ داری ڈالدی گئی ہے کہ وہی پیسہ جمع کریں ۔ فرنیچر مہیا کریں ۔ عمارت حاصل کریں ۔ یہ صحیح نہیں ہے ۔ ایک سوال کے جواب میں بھی میں نے بتایا ہے کہ ۵ سے ۸ مواضعات کو ملا کر ہم نے ایک ایک اڈوائیزری کمیٹی قائم کی ہے۔ اس کے ذمہ یہ کام بھی ہے کہ وہ ایسے اسکولس کے لئیے اکوپمنٹ (Equipment) فراہم کرے ۔ ساتھ ہی ساتھ ہم ایڈڈ اسکول کو سالانہ جو ۴۰۰ روپیے دیتے تھے جو انکی طرف سے یہ مانگ آئی تھی کہ اس ۴۰۰ کی رقم سے کام نہیں چلتا ۔ کم ازکم

دو تہائی یا ایک تہائی خرچہ دینا چاہئے - ٹیچر کو کم ازکم ماہانہ ۳۰ روپئے تنخواہ دینی چاہئے - بقیہ اخراجات ہم فراہم کر لیتے ہیں - اسی بناء پر والنٹری اسکول کے ٹیچرس کو سیلری کے طور پر ۳۰ روپئے ماہانہ تنخواہ دیجاتی ہے- ہمارا تجربہ اس سلسلے میں یہ ہے کہ اس سے پہلے کے مقابلہ میں زیادہ کام ہورہا ہے- یہ ہو سکتا ہے کہ بعض والنٹری ایڈڈ اسکولس کے ولیجس میں ولیج اڈویزری کمیٹیز کام نہ کر رہی ہوں - لیکن اس کو جنرلائیز (Generalise) کر کے یہ نہیں کہا جاسکتا کہ کوئی انتظام نہیں ہے - اسطرح اگزاجریٹ (Exaggerate) نہیں کیا جا سکتا - کہیں یہ ریزنیبل (Reasonable) ہوگا - لیکن اسکو ریشنلائیز (Rationalise) نہیں کیا جا سکتا - اسی طرح ہماری ایک بہن نے یہ اعتراض کیا کہ ون ٹیچر اسکول میں خامیاں نظر آتی ہیں - اسی لئے والنٹری ایڈڈ اسکولس یا ون ٹیچر اسکول کو اکسپریمنٹل (Experimental) اسکولس (Schools) کے طور پر رکھا گیا ہے- اس سے پہلے بھی میں نے کہا ہے کہ وہ اکسپریمنٹل اسکولس ہیں - جس وقت ضرورت محسوس ہوگی ہم ان کو کنورٹ (Convert) کرلینگے - ۵۳-۱۹۵۴ع میں تقریبا ۱۰۰ والنٹری اسکولس کو اکسپریمنٹل پرائیمری اسکولس میں بدلا گیا ہے- اسطرح تدریجی تبدیلی ہورہی ہے - اس لئے ایسا نہیں ہے کہ یہ الگ الگ رہینگے - جہاں ولیج اڈوائیزری کمیٹیز قائم ہیں اور ٹیچرس بھی کام کر رہے ہیں ہو سکتا ہے کہ وہاں وہ کنورٹ کرنے پر متفق نہوں - بہر حال یہ تجربہ کے طور پر کیا جارہا ہے بوقت ضرورت فوری تبدیلی کیجاسکتی ہے اب تک تو ۱۳۰۰۰ پرائیمری اسکولس قائم کردئے گئے ہیں - کیونکہ ہمیں کانسٹی ٹیوشنل کمٹمنٹ کے لحاظ سے کام کرنا ہے- اس کے لحاظ سے اکسپینشن (Expansion) کرنا ہے- مختلف ایٹمس (Items) پر جو اعداد جمع کئے گئے ہیں انہیں دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ حکومت کی ایجوکیشنل پالیسی کسطرح چل رہی ہے- اور کانسٹی ٹیوشنل کمٹمنٹ کے لحاظ سے کسطرح عمل ہورہا ہے - میں وہ اعداد ہاوز کے سامنے رکھتا ہوں -

Expenditure on	direction and inspection:	3%
do	University Education:	10%
do	Secondary Education:	22%
do	Primary Education:	52%
do	Special Education:	5½%
do	Grants in aid to non-Governmental schools, colleges:	4%

اس تناسب سے کام ہورہا ہے - اور پرائمری اسکولس پر ہم ۵۲ فیصد کے قریب خرچ کررہے ہیں- ہمکو پرائمری ایجوکیشن .....

سری گوپال سستری سکنڈری ایجوکیشن کے بارے میں بھی کہنے ۔

سری گوپال راؤ اکبوٹے ۔ مانٹیسوری ۔ بری پرائمری اسٹیج ہے۔ ۶ سال سے ۱۴ سال کی عمر کے لڑکوں کو جو تعلیم دی جاتی ہے وہ پرائمری اسٹیج ہے۔ یہ بیسک (Basic) اور فنڈامنٹل ایجوکیشن (Fundamental Education) ہے۔ لیکن مانٹیسوری کو ہم لوگ بری بیسک کہتے ہیں .....

سریمتی معصومہ بیگم ۔ کانسٹی ٹیوشن میں تو ۶ سال کی عمر کا ذکر نہیں ہے۔ کانسٹی ٹیوشن کا آرٹیکل ۴۵ دیکھئے ۔

"The State shall endeavour to provide within a period of ten years from the commencement of this constitution, free and compulsory education for all children until they complete the age of 14 years".

شری گوپال راؤ اکبوٹے۔ اسکول گوانگ ایج (School going age) ۶ سال ہے۔ بیسک ایجوکیشن کے پیٹرن کے ۸ گروپس ہیں ۔ ۱۴ سال کی عمر میں ۸ گروپس ختم کرنا ہے۔ اگر آپ ۱۴ سے الٹے آٹھ گنتے آئیں تو وہ چھ سال کی عمر ہی آتی ہے۔ اس لئے ہم نے حیدر آباد میں ۶ سے ۱۱ سال رکھا ہے۔ کانسٹی ٹیوشنل آبلیگیشن (Constitutional Obligation) اسی وقت پورا ہو سکتا ہے جب کہ ہم اسکو ۶ سے ۱۴ سال کریں ۔ اس اسٹیج پر میں نے ایوان کے سامنے یہ اعداد رکھے ہیں .....

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—लेकिन प्रीबेसिक अेज्युकेशन को बिल्कुल नजर अंदाज कर दिया गया है। क्या अिस पर भी खर्च किया जा रहा है ?

شری گوپال راؤ اکبوٹے ۔ جہاں جہاں مانٹیسوری جیسے طریقہ پر بری بیسک تعلیم کا انتظام ہے وہاں گرانٹ ان ایڈ (Grant-in-aid) دیجاتی ہے اس کو نگلکٹ (Neglect) نہیں کیا جارہا ہے ۔ کیونکہ اسکی اہمیت کے لحاظ سے اس کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا ۔ میں نے جو اعداد ہاوز کے سامنے رکھے ہیں ان کو دیکھنے سے یہ معلوم ہوگا کہ ہم پرائیمری ایجوکیشن پر ۵۲ فیصد خرچ کر رہے ہیں ۔ اس میں مزید اضافہ کی گنجائش ہے ۔ کیونکہ ہمیں کانسٹی ٹیوشنل آبلیگیشن کو پورا کرنا ہے ۔ اس کے ساتھ ساتھ ایک اور چیز یہ ہے کہ ہم پرائیمری ایجوکیشن کو بیسک ایجوکیشن میں کنورٹ کرنا چاہتے ہیں ۔ بیسک ایجوکیشن کے بارے میں میں ایوان میں کچھ غلط فہمی پا رہا ہوں ۔ شائد وہ اس سلسلے میں معلومات نہ ہونے کی بناء پر ہے ۔ بیسک ایجوکیشن انگریزی میں نئے تعلیمی روپ میں نکالی گئی ۔ اس پر سارجنٹ کمیٹی نے مہر تصدیق لگادی ۔ اس کے بعد حال ہی میں سنہ ۱۹۵۱ع میں یونسکو (UNESCO) کی جو کانفرنس جینیوا میں ہوئی میں اس کی جانب ایوان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ میں یہ اسلئے بتا رہا ہوں کہ آنریبل ممبرس کو اس بارے میں غلط فہمی ہے ۔ جینیوا کانفرنس سنہ ۱۹۵۱ع

میں ہوئی - اس میں یہ طئے کیا گیا تھا کہ ساوتھ ایشیا (South Asia) اور پسیفک کنٹریز (Pacific countries) میں پرائیمری ایند کمیلسری ایجوکیشن سے متعلق قانون کو سائینٹیفک (Scientific) رکھا جائے اس کے نتیجے کے طور پر (اگر میں غلطی نہ کر رہا ہوں تو) ۱۲- ڈسمبر سنہ ع ۵۲ کو ایک کانفرنس ہوئی جس کی صدارت بمبئی کے چیف منسٹر نے کی - اس میں یونسکو کے ایجوکیشن ڈائرکٹر بھی شریک تھے - ان کا ایک جملہ مجھے یہاں یاد آتا ہے - انہوں نے یہ کہا تھا کہ کانسٹی ٹیوشن کے آرٹیکل ۴۵ کے لحاظ سے ہم فری اور کمپلسری ایجوکیشن دے رہے ہیں تو یہ ایک کروشل پوائینٹ (Crucial point) ہوگا - انہوں نے یہ الفاظ استعمال کئے ہیں - وہاں کے چیف منسٹر اس کی صدارت کر رہے تھے انہوں نے اس موقع پر اس بارے میں ایک صفحہ ڈیڑھ صفحہ کی تقریر کی اس میں انہوں نے دو پوائینٹس بتلائے - میں اسکو ایوان کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں انہوں نے کہا کہ یہ جو کانسٹی ٹیوشنل پراویژن (Constitutional Provision) ہے اگر ہم اس کو فوراً انفورس (Enforce) کریں تو اس کے لئے ۳۶۶ کروڑ روپئے سالانہ خرچ ہوگا جو سنٹرل گورنمنٹ اور اسٹیٹ گورنمنٹ کے ریوینیو کا ۴۵ فیصد ہے - انہوں نے ۱۹۵۲ع میں یہ بتایا تھا کہ ۳۶۶ کروڑ روپئے اس پر خرچ ہونگے - یہ بہت ہی مشکل ہے کہ ابتدائی منزل میں اسقدر خرچ کیا جائے - جب ہم کنورشن (Conversion) کی باتیں کرتے ہیں تو میں کہونگا کہ آہستہ آہستہ کنورشن کرنا پڑیگا - اور جہاں نیشنل اکسٹنشن سرویس بلاکس (National Extension Service Blocks) اور کمیونٹی پراجکٹ بلاکس (Community Project Blocks) ہیں وہاں ۵۰ فیصد پرائیمری ایجوکیشن اسکولس کو بیسک ایجوکیشن اسکولس میں کنورٹ کیا گیا ہے - بیسک ایجوکیشن کے تعلق سے جینیوا کانفرنس کے بعد بمبئی میں جو ریزولیوشن پاس ہوا میں اس کو ایوان کے ملاحظہ میں لانا چاہتا ہوں - وہاں جن ۲۶ نیشنس (Nations) نے حصہ لیا ہے ان سب کا وہ متفقہ ریزولیوشن ہے - اگر اس کو پڑھ لیا جائے تو معلوم ہوگا کہ انٹلکچول ڈیولپمنٹ (Intellectual development) کے ساتھ ساتھ مینول ڈیولپمنٹ (Manual development) کو رکھکر کس طرح مائینڈ (Mind) کو رسپٹیو (Receptive) اور پروڈکٹیو (Productive) بنانا ضروری ہے یا اس سلسلے میں مہاتما گاندھی جی کی آئیڈ یالوجی (Ideology) کو دیکھیں - میں اسکی سفارش کرونگا - اگر دوسرے لٹریچر (Literature) کو پڑھنا نہ چاہیں تو محض (اس پر پجوڈیس (Prejudice) کو سامنے نہ رکھتے ہوئے کہ چونکہ گاندھی جی کانگریس سے تعلق رکھتے تھے اور یہ انکی کلپنا ہے) دیش کی ضروریات کو سامنے رکھکر اس کا مطالعہ کریں - مجھے شک نہیں کہ وہ اس سے متفق ہو جائینگے کہ جو دلیل یونسکو نے بیسک ایجوکیشن کے سلسلے میں دی تھی وہ

(Convincing) ہے کہ بریجوڈیسڈ آدمی بھی
اس سے تھوڑا بہت ضرور متفق ہو جائیگا - اس لئے میں خاص طور پر اس کی سفارش
کرونگا کہ دوسرا سریجر یہ ہر مین بزکیہ از کم تسلسری مرائمری ایجوکیشن کا یہ
ریزونیشن ضرور پڑھیں - یہ سسک ایجوکیشن میں نہ صرف انٹلکچول سائیڈ
(Intellectual side) کے لئے ہے بلکہ اس کے ساتھ ساتھ مینول لیبر کا
بھی انتظام کیا گیا ہے - اور نہ صرف سٹیٹس کو رسپیکٹ دینے کی کوشش کی جاتی ہے بلکہ
اس کو پروڈکٹیو بنانے کی بھی کوشش کی جاتی ہے یہ جو فرق امریکہ اور جرمنی میں
دیکھا جاتا ہے اس کی رجیڈیٹی (Rigidity) کو نکالکر اسکی
فلکزیبیلیٹی (Flexibility) کو انہوں نے اپنا لیا ہے - مجھے یہ
سنکر تعجب ہوا کہ بجٹ کے جنرل ڈسکشن کے وقت یہاں بیسک ایجوکیشن کے متعلق
کہا گیا کہ یہ کاسٹیسزم (Casticism) اور کمیونیلیزم
(Communalism) کو آگے بڑھانے والی چیز ہے - میں نہیں سمجھتا کہ یہ کوئی صحیح
نظریہ ہے - میں سمجھتا ہوں کہ خود اون کی آنکھوں پر جو عینک لگی ہوئی ہے
اوس سے ان چیزوں کو دیکھ رہے ہیں -

Shri L. K. Shroff: It was dubbed as child labour.

شری گوپال راؤ اکبوٹے - اگر اس کو امریکن پریجوڈس (Prejudice) سے
نہ دیکھیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اعتراض کی کوئی گنجائش نہ تھی اور ان آرگیومنٹس
(Arguments) میں کوئی قوت نہ تھی - ہمارے پاس یہ لازم نہیں
ہے کہ گولڈ اسمتھ (Goldsmith) یا کاپراسمتھ (Copper smith)
کے بچے اپنے آبائی پیشے اختیار کریں - اس کی آزادی ہے کہ وہ جب چاہیں کرافٹ
(Craft) کی جونیور بیسک (Junior Basic) سینیر بیسک
(Senior Basic) پوسٹ بیسک (Post Basic) میں
تعلیم پائیں - میں اس کی تفصیلات پیش کئے بغیر یہ کہہ سکتا ہوں کہ اس میں کاسٹیزم
یا کمیونلیزم کی گنجائش کا شائبہ تک نہیں ہے -

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—अरबन बेसिक अेज्युकेशन (Urban Basic Education)में क्या तरीका रखा गया है ?

شری گوپال راؤ اکبوٹے - سنہ ۱۹۵۲ع میں پنڈت جواہر لعل جی نے واردھا
سیوا گرام کی بیسک ایجوکیشنل کانفرنس میں جو اسپیچ (Speech) دی
تھی اوسکی مس رپورٹ (misreport) کی گئی ہے - لیکن اسکے بعد
انہوں نے جو کلاری فیکیشن لیٹر (Clarification letter) لکھا ہے
وہ اخباروں میں چھپا ہے اسکو پڑھ لیں تو معلوم ہوگا کہ انہوں نے کہا ہے کہ رورل
ایریاز (Rural areas) کی آج کی جو بیسک نیڈس (Basic needs)

ھیں وہ اکنامک ڈیولپمنٹ(Economic development) کرنا اور پروڈکشن (Production) کو بڑھانا ھے - جو ملٹی پربز ڈیمانڈس (Multi purpose demands) ھیں جو انکے نیسسٹیز (Necessities) ھیں اور جو انکے نیڈس (Needs) ھیں وہ یہی ھیں کہ انکے اکنامک پروڈیوس (Economic produce) میں اضافہ ھو- لیکن اسکے لازمی معنی یہ ھیں کہ ایجوکیشنل سسٹم (Educational system) کا جو پیٹرن (Pattern) دیا گیا ھے اسکو آنکھیں بند کرکے قبول کرلیا جائے - حیدرآباد اسٹیٹ کے لحاظ سے ھماری کمیونٹی کی ضروریات کو سامنے رکھکر اسکا کورس (Course) فکس (Fix) کرنا پڑیگا - رورل ایریاز (Rural areas) اور اربن ایریاز (Urban areas) کی جو ضروریات ھیں انکے لحاظ سے رورل ایریاز کے بیسک اسکولس اور اربن ایریاز کے بیسک اسکولس کے کورس کو ماڈی فائیڈ اسکیمس (Modified schemes) کے تحت نافذ کرنا ھوگا - یہاں کی ضروریات کے مدنظر رورل ایریا میں بیسک اسکولس کا کورس جو ھوسکتا ھے اور اربن ایریا میں بیسک اسکولس کا جو کورس ھوسکتا ھے مختلف کرافٹس چنکر انکی ضروریات کے مدنظر رکھا جاسکتا ھے - یہ بھی کہا گیا ھے کہ اس طریقہ سے چائیلڈ لیبر (Child labour) کو اکسپلائیٹ (Exploit) کرنا مقصود ھے - یہ صحیح نہیں ھے - میں جانتا ھوں کہ یہ اون لوگوں کا اعتراض ھے جو حالات سے صحیح طور پر واقف نہیں ھیں - میں کہونگا کہ یہ صرف مائینڈ پروڈکٹیو نالیج (Mind productive knowledge) کی بناء پر کہا گیا ھے - اگر وہ خود دیکھ لیں کہ وھاں مینوول لیبر (Manual labour) سے کسطرح دلچسپی رکھتے ھیں اور وھاں کسطرح کام چل رھا ھے اور کسطرح پروڈکٹیویٹی (Productivity) کے ساتھ کام ھورھا ھے وہ منظر خود اگر دیکھ لیں تو معلوم ھوگا کہ وھاں چائیلڈ لیبر کو اکسپلائیٹ نہیں کیا جارھا ھے بلکہ چلڈرن (Children) کی یوٹیلیٹی (Utility) اور انکی یوزفلنس (Usefulness) کو بڑھانے کی کوشش کیجارھی ھے - میں نے جن ڈاکیومنٹس (Documents) کا حوالہ دیا ھے وہ بہت صاف ھیں اور ریزن ایبل (Reasonable)ھیں- یہی وجہ ھے کہ لیڈر آف دی اپوزیشن اور لیڈر آف دی یو- پی - نے بیسک ایجوکیشن کے پیٹرن پر کوئی اعتراض نہیں کیا ھے کیونکہ وہ ریزن ایبل ھے -

Shri V. D. Deshpande: Silence is not consent.

Shri Gopal Rao Ekbote: At least half consent.

بات یہ ھے کہ اسطرح پر جو کوانٹی ٹیٹیو اکسپانشن(Quantitative Expansion) ھوا ھے وہ ٹھیک ھے - لیکن اسکے متعلق دو اعتراض کئے گئے ھیں - ایک یہ کہ ٹیچرس کو تنخواھیں کم دیجاتی ھیں اور دوسرے یہ کہ وہ ٹرینڈ (Trained

نہیں ہیں ۔ ٹریننگ کے سلسلے میں ۲۵ ہزار مدرسین جو پرائمری سکشنس میں کام کر رہے ہیں ان میں ٹرینڈ ٹیچرس کا پرسنٹیج کم ہے اسلئے انکی انٹینسیو ٹریننگ (Intensive training) کی جانب پریاریٹی (Priority) کے طور پر توجہ دیجانی چاہئے تاکہ ٹرینڈ ٹیچرس زیادہ سے زیادہ تعداد میں مل سکیں اور بیسک ایجوکیشن کو مکمل کرسکیں۔ ہم نے درمیانی مدت کیلئے اسکا انتظام کیا ہے کہ ان ٹرینڈ (Untrained) ٹیچرس کو ایک انٹنسیو ٹریننگ اسکیم کے تحت ٹریننگ دیں ۔ اس سلسلے میں جو جو ٹریننگ سنٹرس ہیں ان میں کئی اکسٹنشن ہوگ۔ ہر ضلع پر ایک ٹریننگ سنٹر کھولا جائیگا اسکے علاوہ خانگی اداروں کو بھی اس سال ہم زیادہ تعداد میں اجازت دے رہے ہیں کہ وہ ٹریننگ اسکول کھولیں تاکہ ٹرینڈ ٹیچرس کی جو کمی ہے وہ پوری ہوسکے ۔ کونشن اس بات کی کیجارہی ہے کہ ٹیچرس نیشنل مائنڈڈ (National minded) بنیں ۔ اونکا تصور یہ نہ رہے کہ وہ ٹیچر اسلئے بنے ہیں کہ صرف اپنے روزگار کا ذریعہ فراہم کریں بلکہ اونکا تصور یہ ہونا چاہئے کہ ملک کے چھوٹے چھوٹے بچے جو انکے تفویض کئے گئے ہیں اونکے مستقبل کو بنانے کی ذمہ داری ان پر ہے۔ ممکن ہے کہ بعض ٹیچرس اس ذمہ داری کو محسوس نہ کریں ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اکثر اس ذمہ داری کو محسوس کرینگے۔ میں کہہ سکتا ہوں کہ فینانشیل رسٹرکشنس (Financial restrictions) کے باوجود حکومت اس بات کی کوشش کررہی ہے کہ ٹیچرس کی ٹریننگ کے کام کو زیادہ سے زیادہ آگے بڑھا یا جائے اور ٹرینڈ ٹیچرس کی کمی کو پورا کیا جائے ۔ مجھے امید ہے کہ عنقریب ٹرینڈ ٹیچرس کی کمی کو دور کیا جاسکے گا ۔ ٹیچرس کی تنخواہوں کے بارے میں ایک بہن نے یہاں صحیح طور پر کہا کہ اگرچہ یہاں تنخواہیں کم ہیں لیکن دوسرے صوبوں سے کمپیر (Compare) کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ہمارے یہاں کی تنخواہیں ٹھیک ہیں۔ ویسٹ بنگال کی طرح نہیں ہیں ۔ اگرچیکہ ہمارا مقصد ٹیچرس کی حالت کو زیادہ بہتر بنانا ہے لیکن پھر بھی انکی حالت ڈس سیٹیسفائیڈ (Dis-satisfied) نہیں ہے۔

بجٹ کے ہر ایٹم کی تفصیل آپ کے سامنے موجود ہے اس کو دیکھتے ہوئے کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ حیدرآباد سٹیٹ کا ایجوکیشنل بجٹ مناسب نہیں ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ کوئی ٹھوس طور پر یہ نہیں بتاسکے کہ کس مد میں کم کر کے ٹیچرس کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جاسکتا ہے ۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ میں انکی تنخواہوں کے اضافے کے خلاف ہوں ۔ میں اس پر وشواس رکھتا ہوں کہ انکی ہوزنگ اسکیم (Housing scheme) اور ان کو سہولتیں پہنچانے کی جتنی چیزیں ہوسکتی ہیں وہ ہونی چاہئیں ۔ لیکن اصل سوال فینانس کا ہے ۔ فینانشیل رسٹرکشنس کو عبور کر کے جس حدتک ان امور کی تکمیل کی جاسکتی ہے اس کی طرف حکومت متوجہ ہے ۔

فیمیل ایجوکیشن (Female Education) کے بارے میں ایک آنریبل لیڈی ممبر نے کہا کہ اس طرف کافی توجہ نہیں دیگئی ہے اور اس کو نگلکٹ

(Neglect) کرنے کی کونسنس کی گئی ہے - میں اس کی ذمہ داری آنریبل لیدر آف دی اپوزیشن پر ڈالونگا کیونکہ انہوں نے اس سبجکٹ (Subject) کو چھیڑ کر لیڈی ممبرس کو متوجہ کیا ہے۔غیر متعلقہ مباحث کو چھوڑتے ہوئے جن کی کوئی اہمیت نہیں ہے میں لیڈی ممبرس نے جو خیال ظاہر کیا ہے کہ فیمیل ایجوکیشن کو نگلکٹ کیا گیا ہے اس کا جواب دونگا - اگر وہ گذشتہ اگزامنیشنس (Examination) کے رزلٹس (Results) کو دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ میٹرک - انٹر اور ایم - اے میں (۵۰) پرسنٹ لڑکیوں نے کامیابی حاصل کی ہے - اس کے باوجود جو کچھ کہا گیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ انفیریاریٹی کامپلکس (Inferiority Complex) کے سوا کوئی اور بات نہیں ہے -

میں سمجھتا ہوں کہ جب وہ یہ دیکھیں گی کہ اعلی اعلی نمبرات لیکر لڑکیاں ہر درجہ میں کامیاب ہورہی ہیں تو یہ انفیر یاریٹی کامپلکس باقی نہیں رہیگا - وہ زیادہ سسٹمیٹک (Systematic) طریقہ سے آگے بڑھ رہی ہیں اس لئے میں کہوں گا کہ علحدہ مدرسے قائم کرنے کا تصور یہ علحدگی پسندی جب عورتوں کی طرف سے میں دیکھتا ہوں تو مجھے تعجب ہوتا ہے - میں نہیں سمجھتا کہ آنریبل لیڈی ممبر اتنی قدامت پسند ہیں - ہمیں یہ دیکھکر خوشی ہوتی ہے کہ آج عورتوں کی طرف سے کو- ایجوکیشن (Co-education) کی حمایت کی جا رہی ہے - جن عورتوں کی طرف سے علحدگی پسندی کا اظہار ہو رہا ہے میں نہیں سمجھتا کہ یہ بات سنہ ۱۹۵۴ع میں عوام کچھ پسندیدہ نظروں سے دیکھیں گے - ایک طرف تو عورتیں خود یہ محسوس کررہی ہیں کہ ایجوکیشنل فیلڈ (Educational field) میں ان کو کوئی موقع نہیں ہے اور دوسری طرف آنریبل ممبر پربھنی یہ کہتے ہیں کہ عورتوں کو کافی موقع ہے اور ہم بھی دیکھتے ہیں کہ عورتوں کی جانب سے کوئی شکایت ایسی نہیں آئی کہ عورتوں کے لئے علحدہ مدرسے ہونے چاہئیں - میں کہوں گا کہ اگر ایسا کیا جائے اور ان کے لئے علحدہ مدرسے قائم کئے جائیں تو یہ ڈپلیکیٹ ورک (Duplicate work) ہوجائے گا - اس ڈپلیکیشن (Duplication) کو کم کرنا مقصود ہے اور یہی گورنمنٹ کی پالیسی ہے - ہم چاہتے ہیں کہ عورتوں کو بھی ایکول اسٹیٹس (Equal-status) اور ایکول اپارچونیٹی (Equal opportunity) دی جائے - چنانچہ آپ نے دیکھا ہوگا کہ کئی مقامات پر جہاں آسانی کے ساتھ امالگیمیٹ (Amalgamate) کیا جا سکتا تھا کیا گیا ہے - اور ہم دیکھتے ہیں کہ عورتیں اس عمل سے خوش ہیں - کوئی شکایت نہیں ہے - مجھے تعجب ہے لیڈی ممبرس یہاں ان کے خلاف رائے کا اظہار کررہی ہیں - ہم نے ایکول اسٹیٹس دیا ہے اور ایکول اپارچونیٹیز دی ہیں مجھے اس موقع پر ایک فرنچ آتھر (French author) کا جملہ یاد آیا - کہ

"If you educate a boy, you educate an individual; If you educate a girl you educate a family."

یہ اصول ہم مانتے ہیں ۔ اس لئے یہ کرٹیسیزم (Criticism) کنزرویٹیو (Conservative) نظر آرہا ہے ۔

ایک لیڈی ممبر نے اس خیال کا اظہار کیا کہ لڑکیوں کے بندی کا انتظام نہیں کیا گیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک ایسا خیال ہے جس کو قدامت پسندی کہا جا سکتا ہے ۔ آجکل کے سماج کا جو عکس ہے وہ اس خیال میں نظر نہیں آتا ۔ جتنی سہولتیں تعلیم کے لئے لڑکوں کو مل سکتی ہیں ہمارا خیال یہ ہے کہ لڑکیوں کو ان سے محروم نہ کیا جائے ۔ سواری کی ذمہ داری حکومت پر یا حکومت کے کارکنوں پر عائد نہیں ہو سکتی بلکہ اگر قدامت پسندی کے جذبہ کو اور کنزرو ٹیو مائینڈ (Conservative mind) کو نکال دیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ شکایت باقی نہیں رہے گی ۔ جیسا کہ ہمارا تجربہ ہے کہ بڑی تعداد میں لڑکیاں آرہی ہیں برابر پڑھ رہی ہیں اور ہم دیکھ رہے ہیں کہ نتائج کے اعتبار سے وہ پیش پیش ہیں۔ اس لئے میں اس سے متفق نہیں ہوں کہ اس نوبت پر کوایجوکیشن کے سسٹم کو تبدیل کرنا چاہئے ۔

سکنڈری ایجوکیشن کے تعلق سے کچھ غلط فہمی معلوم ہوتی ہے ۔ ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ منسٹر کی یہ پالیسی معلوم ہوتی ہے کہ یونیورسٹی ایجوکیشن کو بالکل ختم کردیں اور سکنڈری ایجوکیشن اور پرائمری ایجوکیشن کی طرف توجہ کریں ۔ میں اس غلط فہمی کو دور کرنا چاہتا ہوں ۔ معلوم نہیں کہ یہہ غلط فہمی کیسے پیدا ہوگئی البتہ جس پروپورشن (Proportion) میں اس ذمہ داری کو گورنمنٹ محسوس کرتی ہے اس کا اعلان کئی مرتبہ ہوا ہے ۔ سکنڈری ایجوکیشن کے لئے جو مدلیاز کمیشن مقرر کیا گیا تھا اوس کے ٹرمس آف ریفرنس (Terms of reference) میں کہا گیا ہے کہ

Final education for the vast majority of the people.

اس لئے سکنڈری ایجوکیشن میں جہاں تک ہوسکے اپنی جگہ پر ڈائیورسی فائیڈ کورسس (Diversified courses) کو مکمل کرلیا جائے گا اور سکنڈری ایجوکیشن ختم کرنے کے بعد اسٹیٹ کی ضروریات کے لحاظ سے ان کو یونیورسٹی ایجوکیشن میں لیا جائے گا ۔ اس ٹرم آف ریفرنس (Term of reference) کو بنیادی طور پر مان لیا گیا ہے ۔ اسٹوڈنٹس (Students) کا بڑا حصہ ایسا ہے کہ جو کالج کی تعلیم تک نہیں پہنچتا جیسا کہ ابھی ایک بہن نے کہا اور صحیح کہا کہ اعلی تعلیم حاصل کرنے والوں کی تعداد (۵) پرسنٹ ہوتی ہے اور سکنڈری ایجوکیشن کو ختم کرکے تعلیم کو ختم کر دینیوالو کی تعداد (۸۵) پرسنٹ ہوتی ہے ۔ البتہ مڈل اسکول کی تعلیم کو ختم کر کے ختم کردینے والوں کی تعداد کا پرسنٹیج کم ہے ۔

میں آپ سے کہنا چاہتا ہوں کہ (۸۵) پرسنٹ سوسائیٹی کے اس حصہ کو جو اسٹوڈنٹس کمیونیٹی کہلاتا ہے تعلیم اس ڈھنگ سے دیجانی چاہئے کہ وہ سوسائیٹی کی ضرورتوں کو پورا کرسکے ۔ تاکہ سوسائیٹی اون کی طرف سے فرسٹریشن (Frustration)

میں نہ رہے بلکہ سوسائٹی کی ضرورتیں اون کی تعلیم سے پوری ہوں - اگر گورنمنٹ اون کو ایسا بنائے تو وہ ایک کرٹیکل (Critical) چیز ہو جائے گی - اس لئے پرائمری ایجوکیشن آٹھ سال کا انٹگریٹیڈ کورس (Integrated course) اور بیسک ایجوکیشن ان کا کانسٹی ٹیوشنل آبلیگیشن (Constitutional obligation) گورنمنٹ پر ہے - اگر آپ گریجوبل گراف (Gradual graph) دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ پچھلے چھ برسوں میں گرانٹس ان ایڈ (Grants-in-aid) کو کافی لبرلائز (Liberalise) کیا گیا ہے -آنریبل ممبر فار ربھنی نے کہا کہ ۱۸ لاکھ سے ۲۳ لاکھ کردئے گئے ہیں - اون کو غلط فہمی ہورہی ہے - یہ (۲۳) لاکھ مختلف مدات کے تحت گرانٹس ان ایڈ کے لئے ہے - جو قواعد اس سلسلہ میں مرتب کئے گئے ہیں وہ بھی کافی لبرلائزڈ ہیں - اگر کہیں خامیاں نظر آتی ہیں تو اون کو دور کیا جاسکتا ہے - آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن نے میری توجہ اس طرف دلائی ہے کہ میں نے خود منسٹر ہونے کے دو تین ہفتہ پہلے ایک ٹیچرس کانفرنس کی صدارت کی تھی - اوس میں میں نے جو اڈریس دیا تھا اوس میں ایک معاملہ پر روشنی ڈالی تھی - جو مطالبات اوس وقت حکومت کے سامنے رکھے گئے تھے اون کو اب کہاں تک امپلیمنٹ (Implement) کرسکتے ہیں یہ انہوں نے پوچھا ہے - انہوں نے یہ بھی کہا کہ ممکن ہے کہ میری نظر اب دوسری نظر ہوگئی ہو - میں نے اوس وقت جو بات کہی تھی وہ کوئی غیر ذمہ دارانہ طور پر نہیں کہی تھی - اور نہ اوس وقت ٹیچرس کو خوش کرنے کے لئے کہی تھی - بلکہ ایجوکیشن میں دلچسپی رکھنے والے کی حیثیت سے اور ایجوکیشن کے پرابلمس کی اسٹڈی (Study) کرنے کے بعد میرا (Conscience) یہ محسوس کررہا تھا کہ ایجوکیشنل سسٹم اور ایجوکیشنل پیٹرن میں خامیاں ہیں - اوس کو درست کرنے کے لئے میں نے کہا تھا اور آج بھی آئی اسٹینڈ بائی اٹ (I stand by it) آج بھی میں اوس پر قائم ہوں - جو خامیاں اوس وقت نظر آئیں تھیں میرے منسٹر بن جانے کی وجہ سے میری نظر سے چھپ نہیں گئی ہیں - میری عینک بدلی نہیں ہے - میں آج بھی اون کو محسوس کررہا ہوں - یہ میرا بہت بڑا پریویلیج (Privilege) ہوگا اگر میں اون خامیوں کو جتنا جلد ہوسکے درست کروں - میں آپ کیلئے اوس انسیڈنٹ (Incident) کی طرف اشارہ کروں گا - ٹیچرس کانفرنس کی امپلیمنٹیشن کمیٹی (Implementation Committee) کا میں صدر تھا - اب منسٹر ہونے کے بعد میں نے اوس سے استعفی دیدیا ہے - لیکن اون کی میٹنگ میں گیا تھا انہوں نے اپنے ریزولیوشن کے ذریعہ جو مانگیں رکھی تھیں یکے بعد دیگرے میں نے اون پر غور کیا اور بڑی حد تک اون کی مانگوں کو قبول کرلیا - چنانچہ وہ بھی مطمئن ہیں - بعض مانگیں جن کی حد تک فینانشیل امپلیکیشنس (Financial Implications) کا اگزامینیشن (Examination) کرنا ضروری تھا وہ اگزامین کرنے کے لئے متعلقہ ڈپارٹمنٹ کو روانہ کردی گئی ہیں - منسٹر ہونے کے بعد بھی میں دو مرتبہ اوس کانفرنس کے پریسیڈنٹ سے ملا اور

اون سے ڈسکشن ہوا - وہ مطمئن ہیں - کیوں کہ جو ریزولیوشن کانفرنس میں پیش کیا گیا تھا اوس کا ایک حصہ عمل میں آچکا ہے - اور دوسری باتوں پر بھی غورہو رہا ہے یہ میری بہت بڑی خوش قسمتی ہوگی اگر میں اون مانگوں کو امپلیمنٹ کرسکوں - میں نے اوس وقت بہت ہی ذمہ داری کے ساتھ اوس صدارت کی کرسی سے یہ باتیں کہی تھیں اور محسوس کیا تھا کہ ایجوکیشن سسٹم میں خرابیاں ہیں - اور آج بھی میں اونکو محسوس کر رہا ہوں - اون خرابیوں کو دور کرنا پڑیگا -

سکنڈری ایجوکیشن کے تعلق سے میں نے اپنے خطبہ صدارت میں اس کا اظہار کیا تھا کہ سکنڈری ایجوکیشن کو زیادہ تر پبلک انٹر پرائزرس (Public Enterprisers) پر ہی چھوڑنا چاہئے - مجھے تعجب ہے کہ ایک آنریبل ممبر نے آندھرا کے مدارس کی طرف توجہ دلاتے ہوے کہا کہ وہاں سب کے سب سرکاری مدارس ہیں -

Shri K. Venkaiah: Most of the schools are run by the District Boards, not by the Government.

شری گوپال راؤ اکبوٹے - ڈسٹرکٹ بورڈس بھی تو عوام کے ہوتے ہیں - اونکو غلط فہمی ہوئی ہے - بمبئی - پونہ - آندھرا - مدراس اور ناگپور میں زیادہ تعداد ایسے ہی اسکولس کی ہے - بمبئی اور پونہ میں تو ایک بھی گورنمنٹ کا اسکول نہیں ہے - سارے اسکولس پبلک ادارے چلا رہے ہیں - جیسا کہ میں نے کہا دراصل جو گرانٹ ان ایڈ ہم دے رہے ہیں وہ دوسرے پراونسس کے مقابلہ میں ہمارے پاس زیادہ لبرالائزڈ ہے - ہمارا پرسنٹیج دوسروں کے مقابلہ میں زیادہ ہے - اور اطمینان بخش ہے اس کو اور زیادہ لبرالائز کرنے کی کوشش کی جائے گی - میں اس سے بالکل متفق ہوں کہ سکنڈری ایجوکیشن اور یونیورسٹی ایجوکیشن کوولیج یونٹس اور پرائیویٹ انٹرپرائزرس (Private Enterprisers) پر چھوڑنا چاہئے - ہمارے لوگوں کو اس کی عادت نہیں تھی کہ وہ خود اپنی طرف سے ہائی اسکولس اورکالجس کھولیں اور اوس میں زیادہ رقم انوسٹ (Invest) کریں اور ہائر ایجوکیشن کو بڑھانے کی کوشش کریں - لیکن آج یہ احساس لوگوں میں پیدا ہو رہا ہے - اور میں کہہ سکتا ہوں کہ گذشتہ ایک سال میں ۱۳ لاکھ کی رقم بلڈنگ کے روپ میں اور اکیوپمنٹ (Equipment) کے روپ میں پبلک کی جانب سے گورنمنٹ کو ملی ہے - تین لاکھ دوسرے سورسس (Sources) کے ذریعہ ملے ہیں - ایک ہی سال پرائیویٹ انٹر پرائزرس کی جانب سے ۱۶ لاکھ کی رقم بلڈنگ وغیرہ کے روپ میں گورنمنٹ کو ملی ہے اور اب یہ چیز آپ کے اور ہمارے ہاتھ میں ہے کہ اوس کو صحیح طور پر یوٹیلائز (Utilize) کریں - اور زیادہ سے زیادہ ہائی اسکولس اور ملٹی پرپز اسکولس (Multi purpose schools) قائم کئے جائیں - اس چیز کو امپلیمنٹیشن کمیٹی اور سنٹرل اڈوائزری کمیٹی نے بھی قبول کیا ہے - ان میں ڈائورسیفائیڈ کورسس رکھے جائیں گے اور عوام کو اس سلسلہ میں مشورہ بھی دیا جائے گا - گورنمنٹ کا جہاں

تک تعلق ہے گرانٹس ان ایڈ کو لیبرالائز طریقہ پر دی گئی - جتنی سہولتیں ہو سکتی ہیں دیجا رہی ہیں - اور آئندہ بھی دی جائیں گی.....

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :-सीलींग के सिलसिले में कॉन्फरन्स में जो मांग कि गया गय अुसकेबारें मे क्या खियाल हैं ?

شری گوپال راؤ اکبوٹے - موجودہ گرانٹس دینے کا جو طریقہ ہے وہ یہ ہے کہ ٹو تھرڈ (Two third) اور ون تھرڈ (One third) کے بیسس پر دیا جاتا ہے اور ۰.۵ ہزار کی سیلنگ مقرر ہے - کالجس میں بھی ڈیفیسٹ (Deficit) کا ۰.۵ پرسنٹ دیا جاتا ہے اور سیلنگ ۰.۴ ہزار ہے - بعض مقاموں سے یہ مانگ کی گئی ہے کہ یہ سیلنگ اٹھا دی جائے - اور خود میں بھی محسوس کررہا ہوں کہ اگر ہم اس موقف ہوتے تو نان رکرنگ گرانٹ (Non-recurring grant) کے پرسنٹیج کو اور زیادہ اسٹیمولیٹ (Stimuliate) کرتے تا کہ نئے نئے کالجس قائم ہوسکیں - لیکن فینانشیل پوزیشن اس کی اجازت نہیں دیتا - ڈیفیسیٹ بجٹ کی وجہ سے ایجوکیشن کے لئے میگزیمم رقم دینے کے باوجود بھی ضرورتیں پوری نہیں ہوسکتیں - میں اس کا قائل ہوں کہ اس کو لبرا لائز کرنے کے سلسلہ میں ہم نان رکرنگ گرانٹ بھی دیں اور رکرنگ میں سیلنگ کو فلکزیبل (Flexible) کریں - تاکہ زیادہ اسٹیمولائز کیا جا سکے - لیکن یہ معاملہ روپیہ آنے پائی کا ہے - تھیلی میں جب تک پیسے نہ ہوں صرف اصولی باتیں کرنے سے فائدہ نہیں ہوتا -

श्री. व्ही. डी. देशपांडे:—कॉन्फरन्स ने मांग की थी कि सीलींग की स्ट्रेन्थ (Strength) बढाअी जाय ।

شری گوپال راؤ اکبوٹے - میں اس کو اگزامین کررہا ہوں کہ موجودہ اسکولس پر اس کا کیا اثر پڑتا ہے - یہی مباحث تقریباً یونیورسٹی ایجوکیشن کے سلسلہ میں بھی لاگو ہوتے ہیں - یونیورسٹی ایجوکیشن بھی پرائیویٹ انٹر پرائزرس کے ذریعہ ہی ہونی چاہئے - یونیورسٹی ایجوکیشن کے تعلق سے ڈسٹرکٹ میں کالجس کھولنے کے سلسلہ میں بھی گورنمنٹ لبرل طریقہ پر گرانٹ دینے کے لئے تیار ہے - اوس کے لئے پراویژن رکھا گیا ہے - اگر عوام ڈسٹرکٹس میں کالجس کھولنے کے لئے تیار ہیں تو حکومت یقیناً ان کی مدد کرے گی - میں سمجھتا ہوں کہ مختلف چیزوں کے سلسلہ میں جو اعتراض اٹھائے گئے تھے اون کا میں نے جواب دیدیا ہے - ایک چیز اور یہ کہی گئی....

شریمتی معصومہ بیگم - پرائمری ایجوکیشن گرانٹ کے بارے میں بھی کچھ بتایا جائے -

شری گوپال راؤ اکبوٹے - پرائمری ایجوکیشن کے سلسلہ میں جو اسکولس ہیں وہ والنٹیری اسکولس ہیں جن کے لئے چار سو روپیہ سیلنگ مقرر ہے - اب (۳۰) مدارس

میں تنخواہیں دی جا رہی ہیں - وہ اکسپریمنٹل اسکولس ہیں -اب ہم پرپیچول فیچر (Perpetual Feature) میں کنورٹ (Convert) کریں گے -

انسپکشن آف اسکولس کے ضمن میں بھی کچھ خامیاں سامنے لائی گئی ہیں - مجھے بھی اس کا احساس ہے کہ واقعی ہر ڈسٹرکٹ میں ڈپٹی ڈائرکٹر - انسپکٹر اور اون کے تحت ڈپٹی انسپکٹرس کی جو مشنری ہے وہ کافی ثابت نہیں ہوسکی - پرائمری ایجوکیشن کے اکسپینشن کے ساتھ ساتھ اس کو بھی سپلیمنٹ (Supplement) کرنا ضروری ہے - اگر ولیج اڈوائزری باڈیز جو جگہ جگہ قائم ہیں وہ اون کی افیشینسی پر نظر رکھیں اور وقتا فوقتا حکومت کو متوجہ کرتے رہیں تو خرابیاں دور ہوسکتیں ہیں - چنانچہ اس کا فائدہ بھی نظر آرہا ہے - جہاں جہاں سے شکایتیں آئی ہیں فوراً اون کو درست کرنے کی کوشش کی جاتی ہے - ڈپٹی انسپکٹر کو ۷۰-۷۰ مدارس کو انسپکٹ کرنا پڑتا ہے - مہینے کے مقررہ بیس روز دورہ کرنے کے بعد بھی وہ اپنا چکر پورا نہیں کرسکتا - ان سے دوسرا کام بھی لیا جاتا ہے - مثلا ٹیچرس کی تنخواہوں کے پے شیٹس (Pay sheets) تیار کرنا وغیرہ - اس کی وجہ سے بھی وہ اوور ورکڈ ہوتا ہے - چنانچہ سنہ ۵۴-۵۵ع میں انسپکٹرس کی تعداد میں اضافہ کرنے کا ارادہ ہے - اس کے علاوہ جیسا کہ خود اکاؤنٹنٹ جنرل نے سجسٹ کیا ہے اکاونٹ جاننے والے سٹاف کا بھی مناسب طور پر اضافہ کیا جا رہا ہے - اس اضافہ کی وجہ سے تنخواہیں وقت پر نہ ملنے کی جو شکایت ہے وہ دور ہوسکتی ہے - اس سلسلہ میں یہ بھی بتایا گیا کہ کمیونٹی پراجکٹ ایریا میں نیشنل اکسٹنشن سروسس کے سلسلہ میں جو اسکولس نئے طور پر قائم ہوے ہیں وہاں کے ٹیچروں کو پانچ چھ مہینوں سے تنخواہیں نہیں ملی ہیں - مارچ کی ۶ تاریخ کو سب لوگوں کو تنخواہیں دینے کے لئے رقم دیجا چکی ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اب تک تنخواہیں سب لوگوں کو مل چکی ہوں گی - اب کوئی شکایت کسی جگہ پر باقی نہیں رہی کہ تنخواہ وقت پر نہیں مل رہی ہے - اس کی کسی ایک شخص پر بھی ذمہ داری نہ تھی - اون کو گورنمنٹ آف انڈیا سے تنخواہیں ملتی ہیں اور گورنمنٹ آف انڈیا سے رقم آنے کے سلسلہ میں دیر ہوگئی تھی - پرسون ڈے صاحب یہاں آئے تھے انہوں نے انتظام کردیا اور اب تنخواہیں مل چکی ہیں -

ین - سی - سی - کے تعلق سے آنریبل ممبر فار پربھنی نے جو کہا میں اوس سلسلہ میں دو پائنٹس بتانا چاہتا ہوں - سنہ ۴۸ع میں گورنمنٹ آف انڈیا نے ایک ایکٹ (۳۱) نیشنل کیڈٹ کور ایکٹ پاس کیا تھا - اوس قسم کے ٹروپس ہمارے پاس بھی قائم کئے گئے ہیں - اور عثمانیہ یونیورسٹی کیمپس ایریا میں وہ کام کر رہے ہیں -اونکو اکسپانڈ کرنے کے لئے فینانس کی ضرورت تھی جو نہیں مل سکا اس وجہ سے اون کا اکسپینشن نہیں ہوسکا - ورنہ ہر ضلع میں اس کو پھیلانے کا ارادہ تھا - جب فینانس مہیا ہوجائیگا تو اس کا اکسپنشن مناسب وقت پر کیا جائیگا - اور اس طریقہ سے اون کی مانگ بڑی حد تک پوری ہوجائیگی - یہ بھی کہا گیا کہ بجٹ میں بیک ورڈ کلاسس اور ہریجنوں کے لئے

ون کو کوئی رقم نظر نہیں آرہی ہے۔ شائد گورنمنٹ کی یہ پالیسی ہے کہ اونکو بالکل نظرانداز کردیا جائے ایسا نہیں ہے۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ عادل آباد ضلع میں سوشیل سرویس ڈپارٹمنٹ کی طرف سے خصوصاً شیڈولڈ کاسٹس کے لئے جدید طور پر اسکولس کھولے گئے ہیں وہاں اسکالرشپس بھی دئے جاتے ہیں۔ عادل آباد میں (۵۰) نئے اسکولس مختلف کمیونیٹیز کے لئے قائم کئے گئے ہیں۔ اسی طرح ایسے ضلع میں جہاں جہاں کنسنٹریشن (Concentration) ہو کافی کام کیا جا رہا ہے۔ ایک زمانہ تھا کہ ہریجنوں کے لڑکے مدرسوں میں داخل نہیں ہوسکتے تھے لیکن اب تو کانسٹی ٹیوشن نے خود یہ پابندی برخاست کردی ہے اور کوئی امتیاز نہیں کیا جاتا۔ اسکالرشپس کے سلسلہ میں آپ کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ سوشیل سرویس ڈپارٹمنٹ کی جانب سے ہر اوس لڑکے کو جو مدرسہ جاتا ہے کسی نہ کسی روپ میں اسکالرشپ دیا جاتا ہے۔ یا اور طور پر مدد دی جاتی ہے۔ ہم یہاں بیٹھکر یہ نہیں کہہ سکتے کہ اون کی مدد نہیں کی جارہی ہے۔ آپ وہاں جاکر دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ ہر اوس بچہ کو جو مدرسہ جاتا ہے کچھ نہ کچھ اسکالر شپ برابر دیا جاتا ہے۔ میں آپ کی معلومات کے لئے یہ بتانا چاہتا ہوں کہ.....

شری اناجی راؤ گوانے۔ بیاک ورڈ کلاسس کے لئے کیا امداد دی جا رہی ہے ؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے۔ بیاک ورڈ کلاسس کے لئے جو اسکالرشپ کا ڈھانچہ ہے اس میں کافی امداد دی جاتی ہے۔ میں پرسنٹیج تو نہیں بتلاسکتا۔ ان کے لئے کانسٹیٹیوشنل گیارنٹی ۵۰ سال کے لئے رکھی گئی ہے اس لئے برابر سہولت دی جا رہی ہے۔

شری بی۔ ڈی۔ دیشمکھ۔ اب کیا امداد دی جا رہی ہے ؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے۔ اس وقت میں پرسنٹیج نہیں بتلا سکتا۔ یہ نکالنا پڑیگا۔ بجٹ میں بیاک ورڈ کلاسس کے لئے علحدہ پراویژن نہیں ہے۔ لیکن میں کہہ سکتا ہوں کہ بیاک ورڈ کلاسس کو دوسروں کے مقابلہ میں زیادہ امداد دی جا رہی ہے۔

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے۔ میرا پوائنٹ یہ تھا کہ حکومت ہند کی طرف سے دیگر گرانٹس دئے جا رہے ہیں لیکن آپ کے بجٹ میں پیج ۱۱۰ پر ۳۳۳۵ بتلائے گئے ہیں۔

شری گوپال راؤ اکبوٹے۔ اس سلسلہ میں ایک معزز رکن نے اپنی تقریر میں اشارہ کیا تھا کہ گورنمنٹ آف انڈیا ۵۰ پرسنٹ اس میں دیرہی ہے۔ میونسپل کارپوریشن سکندرآباد و حیدرآباد کے ذریعہ یہ کام کیا گیا ہے۔ ۱۵ سوشل ایجوکیشن سنٹرس چل رہے ہیں اور کافی فائدہ ان سے ہورہا ہے۔ اسکالرشپس کے ذریعہ امداد کی جا رہی ہے۔ اور سوشل سرویس ڈپارٹمنٹ میں جو کام ہو رہا ہے اس کے ذریعہ سے بھی شیڈولڈ کاسٹ کے لئے کافی رقم خرچ ہو رہی ہے۔ یہ ہوسکتا ہے کہ ان کی ضروریات کے لحاظ سے کچھ کم ہو لیکن جو اسٹیریوٹائپڈ (Stereotyped) جواب ہوسکتا ہے وہ میں کہ فیاضی نہیں ہے۔

سری وی ۔ ڈی ۔ دنشپانڈے ۔ کیا حیدرآباد کے تین چار پبلک اسکولس جن میں غیرمعمولی خرچہ کیا جاتا ہے اور جہاں پرنسپل کو ۸ تا ۱۲ سو تنخواہیں دی جاتی ہیں ان کو کیوں کم نہیں کیا جاتا ؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے ۔ آپ نے یہ دیکھا ہوگا کہ پبلک اسکولس جیسے مدرسہ عالیہ اور مدرسہ مجیدیہ پر اعتراض ہوئے تھے ۔ اب ۵۳ - ۵۲ - اور ۵۵ - ۵۴ع کے بجٹس کا ملاحظہ کریں گے تو معلوم ہوگا کہ ان میں کافی کمی کی گئی ہے ۔ وہ کمپاریٹیو ٹیبل (Comparative table) بھی بجٹ میں موجود ہے ۔

ایک اور پوائنٹ ضرور رہ گیا ہے اور اس کے جواب میں میں یہ کہدیتا ہوں کہ ٹیکنیکل ایجوکیشن کے سلسلہ میں دو تین باتیں کہی گئیں ۔ فیملی ایجوکیشن کے سلسلہ میں بھی پوچھا گیا ہے ۔ یہ کہا گیا کہ اچھی ہاؤز وائف بنانا ہو تو بریانی اور اچھے کھانے بنانے کی تعلیم بھی دینا چاہئے حیدرآباد اور سکندرآباد اور اضلاع میں جو ڈومسٹک سائنس (Domestic Science) کی تعلیم ہائی اسکولس میں اور کالج اسٹیج پر دی جاتی ہے اس کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوگا کہ لڑکی اسکول سے اچھی ہاوز وائف بنکر نکلتی ہے ۔ اضلاع میں جو ہائی اسکولس ہیں انہیں آنریبل ممبرس جاکر دیکھیں تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ مطمئن ہوجائیں گے ۔

ٹیکنکل ایجوکیشن کے سلسلہ میں یہ کہنا ہے کہ اس بارے میں ایک ٹیکنیکل ایجوکیشن اڈھاک کمیٹی قائم ہوئی ہے اور ٹکنولاجیکل فیلڈ (Technological field) میں بھی کافی اکسپنشن کرنے کا ارادہ ہے ۔ ان تین سالوں میں جدید طور پر جو اسکولس قائم کئے جا رہے ہیں ان میں مدلیار کمیٹی رپورٹ کی بنا پر جو ڈائیورسیفائیڈ کورسس (Diversified courses) ہیں ان میں سے ایک گروپ کو لیا جائیگا ۔ یہ اعتراض لیڈر آف دی اپوزیشن نے کیا کہ میرا تو خیال ہے کہ ہر ضلع میں ایک ٹیکنیکل اسکول قائم ہو تاکہ نیوکلس کے طور پر کام ہو اور اگریکلچرل اور کمرشیل اسکولس بھی قائم ہوں ۔ جس طرح پربھنی ضلع میں اگریکلچرل اسکول ہے اسی طرح دوسرے اضلاع میں بھی اس طرح کے اسکولس قائم ہوں اور مدلیار کمیٹی نے جسطرح ہدایت دی ہے ویسے ہی ڈائیورسیفائیڈ کورسس رکھے جائیں ۔ اس میں جو ۷ کورسس بتلائے گئے ہیں ان میں سے ایک کورس لینے کے لئے ہر اسکول کو آپشن رہے گا کہ اس کو سلکٹ کرے ۔ اس کا فیصلہ خود سنٹرل اڈوائزری بورڈ نے کیا ہے ۔ لیکن یہ ابھی گورنمنٹ آف انڈیا سے ہمارے پاس نہیں آیا ہے ۔ اس کے آنے کے بعد اگزامن کیا جائیگا ۔ اور میرا خیال ہیکہ ہم جون سنہ ۵۴ع میں بعض گروپس کو لیکر ڈائیورسیفائیڈ کورسس کے ساتھ ملٹی پرپز پرائمری اسکولس بنانے کے قابل ہونگے ٹیکنکل ایجوکیشن پر کوئی تقریر نہیں ہوئی اس لئے اس سے متعلق زیادہ کہنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ ڈاکٹر ناتس خاں ہی میں ایک ہفتہ پہلے یہاں آئے تھے ۔ ان کا یہ خیال ہے کہ ٹیکنکل ایجوکیشن میں کافی ترقی ہوئی ہے ۔ یہاں ہنومان وایام شالہ بھی کام کررہا ہے اب وہ پرانے طریقہ

کے ڈرل ماسٹرس نہیں رہیں گے - میں سمجھتا ہوں کہ اس ضمن میں یہ معلومات آنریبل ممبرس کے لئے کافی ہوں گے -

شری بی - ڈی دیشمکھ - ڈپٹی ڈائرکٹر کے آفس کو ڈسٹرکٹ میں منتقل کرنے کے بارے میں کیا ہوگا ؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے - آپ نے جو سجسشن دیا ہے اس کے فنانشیل امپلیکیشنس (Financial Implications) پر میں غور کروں گا - یہ سجسشن تو بہت اچھا معلوم ہوتا ہے لیکن میں غور کروں گا -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - لڑکیوں کے لئے میں نے سجسشن دیا تھا کہ میٹرک کے کورس میں انگریزی نہ رکھی جائے جیسا کہ کروے یونیورسٹی میں تھا - کیا حکومت اس پر سوچ رہی ہے ؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے - ابھی تک تو نہیں سوچ رہی ہے - لیکن ایسا ہوتو جو لڑکیاں یونیورسٹی ایجوکیشن حاصل کرنا چاہتی ہیں ان کے لئے تکلیف ہوگی - ان کو نہ نظر انداز کرسکتے ہیں اور نہ ڈپرائو (Deprive) کرسکتے ہیں - اس لئے کہ اس سے معاملہ درہم برہم ہوگا - البتہ جس وقت ریجنل لینگویجس کا رواج ہوگا اس وقت ایسا عمل ہوسکتا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ پہلی مرتبہ ہے جب کہ ایک دو آنریبل ممبرس نے اس طرف اشارہ کیا ہے لیکن اس کے لئے ڈیمانڈ نہیں ہے - اگر میرا امپریشن (Impression) صحیح ہے تو وہ یہ ہے کہ انگریزی کو کمپلشن (Compulsion) کے طور پر لڑکیاں ابھی سیکھنا چاہتی ہیں کیوں کہ وہ جانتی ہیں کہ اس لینگویج کو انٹر نیشنل لینگویج ہونے کی وجہ سے اہمیت حاصل ہے - اور یہ کہ سکنڈری ایجوکیشن سے نکلنے کے بعد جب یونیورسٹی میں وہ جائیں گی تو انہیں دقت ہوگی - لیکن پھر بھی میں اس کو اگزامن کرلوں گا اور اگر مناسب سہولتیں نکل سکتی ہیں تو ضرور دی جائیں گی باقی جیسا کہ میں نے کہا اس کا ڈیمانڈ نہیں ہے - میرا امپریشن یہ ہے کہ لڑکیاں انگریزی سیکھنا چاہتی ہیں -

شری رام راؤ آورگانکر - کیا لڑکیوں کو انگریزی آنا لازمی ہے ؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے - وہ لڑکیاں خود سمجھ سکتی ہیں -

شری گوئند راؤ مورے - جو ٹیکنیکل ایجوکیشن اسکیم ہے اسمیں عثمان آباد - ناندیڑ اور بیڑ کیلئے کوئی موقع نہیں ہے -

شری گوپال راؤ اکبوٹے - میں پوری اسکیم بتلاتا لیکن معافی چاہتا ہوں کہ اب وقت نہیں ہے -

شریمتی معصومہ بیگم (شاہ علی بنڈہ) - کیا ٹیکنیکل ایجوکیشن اور جنرل ایجوکیشن کو واٹر ٹائٹ کمپارٹمنٹس (Water tight compartments) کے طور پر منقسم کیا جارہا ہے ؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے - نہیں نہیں ایسا نہیں ہے - وہ واٹر ٹائیٹ کمپارٹمنٹس کے طور پر علحدہ نہیں ہیں - آخر میں میں ان مہمان بھاوون (महानुभावों) سے پرارتھنا کرتا ہوں کہ وہ اپنے کٹ موشنس کو واپس لیں -

شری شرن گوڑہ - اسپیکر سر - میں ایک چیز یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جو اگریکلچرل ہائی اسکولس کھولنے کا ذکر کیا گیا ہے کیا گورنمنٹ یہ مناسب نہیں سمجھتی کہ ان کو پراجکٹ ایریا میں کھولنے کیلئے پریفرنس دیا جائے - کیا رائچور یا دوسری جگہیں جہاں ریور اسکیمس (River Schemes) ہیں یا تنگبھدرا پراجکٹ ایریا ہے وہاں اگریکلچرل ہائی اسکولس کھولنے سے کاشتکاروں کو زیادہ فائدہ نہیں ہوگا بہ نسبت اسکے کہ انہیں دوسری جگہوں پر کھولا جائے ؟ اگرچیکہ مجھے دوسری جگہوں پر کھولنے سے بھی اعتراض نہیں ہے - کیا گورنمنٹ اسبارے میں سوچ سکتی ہے ؟

شری گوپال راؤ اکبوٹے - اگر عالیجناب اسپیکر صاحب اجازت دیں تو ایک دو منٹ میں اگریکلچرل اسکولس کے بارے میں وضاحت کردیتا ہوں - اگریکلچر اسکولس کے سلسلہ میں میں یہ بتلانا چاہتا ہوں کہ پربھنی میں ایک اسکول ہے جو دو سال کا پروفیشنسی کورس (Proficiency course) کنڈکٹ کرتا ہے - جو اڈھاک کمیٹی قائم ہوئی تھی اسنے یہ سفارش کی تھی کہ جون ۵۴ء سے یہ کورسس شروع کریں اور جیسا کہ ابھی کہا جارہا تھا وہ واٹر ٹائیٹ کمپارٹمنٹس کا سوال نہیں ہے - اسمیں میتھیمٹکس وغیرہ بھی رہینگے لیکن اگریکلچر کا خاص کورس رہیگا - اس اسکول میں بورڈنگ اور لاڈجنگ کی فسیلیٹیز (Facilities) بھی دیگئی ہیں - اگریکلچرل اسکول کے ساتھ ساتھ انڈسٹریل اسکولس کو بھی کمبائنڈ کر کے اسمیں تین طرح کے کورس رکھنے والے ہیں - پوسٹ مڈل کورس ٹو ایرس - اگریکلچرل کورس ٹو ایرس - کلاسس ان اگریکلچر فار ہائی اسکول اینڈ مڈل کلاس اسٹوڈنٹس جو بیچ - یس - سی اگزامنیشن کیلئے تیار کئے جائینگے - اسکے سوائے ووکیشنل اسکولس قائم کرنے کا بھی گورنمنٹ کا ارادہ ہے یہ تین سال کا کورس ہوگا - اور اگریکلچر میں سوٹیبل کراپس کے ساتھ ٹریننگ دیجائیگی -

ٹیکنیکل ایجوکیشن کے تعلق سے یہ بتلانا چاہتا ہوں کہ اسوقت ہمارے پاس ایک ٹکنیکل کالج اور ۳ ٹکنیکل ہائی اسکولس ہیں ایک سکندرآباد میں دوسرا حیدرآباد میں اور تیسرا ورنگل میں - ان کے علاوہ نانڈیڑ نظام آباد - رائچور پربھنی اور سکندرآباد میں مزید اسکولس قائم کرنے کا ، جیسا کہ میں نے ابھی کہا حکومت ارادہ رکھتی ہے - ٹیکنیکل کورس سے متعلق چونکہ استفسار نہیں ہورہا ہے اسلئے بتلانے کی ضرورت نہیں سمجھتا - اسطرح میں نے یہ اسکیم نٹ شل (Nut shell) میں ایوان کے سامنے پیش کردی ہے -

شری شرن گوڑہ - میں نے یہ خواہش کی تھی آفس پراجکٹ ایریاز پر زیادہ بجٹ خرچ کیا جارہا ہے وہاں کے لوگوں کو اگریکلچر کی تعلیم ملنا ضروری ہے اسلئے اگریکلچرل ایریا میں ہی اسکولس کھولنے کی پالیسی ہونی چاہئے اسکا جواب نہیں ملا -

شری گوپال راؤ اکبوٹے - کمیونٹی پراجکٹ یا نیشنل اکسٹنشن سرویس کے جو بلاکس ہیں ان میں اسکیمس کے لحاظ سے پیسک اسکولس قائم کرنا لازمی ہے - پیسک

ایجوکیشن کی جو اسکیم ہے وہ بیسڈ ہے بیسک یا پوسٹ بیسک ایجوکیشن پر جسکا اسٹینڈرڈ مٹرک کے مماثل ہے ۔ اسلئے اگریکلچرل اسکولس قائم کرنے کی فوری ضرورت نہیں ہے بلکہ جہاں بیسک ایجوکیشن اسکولس قائم ہیں وہاں ایک نیوکلس بنایا جائے اور جو ناریل ہائی اسکولس ہیں انکو ملٹی پرپز اسکولس میں تبدیل کیا جائے نو انکو یہ فائدہ ملسکتا ہے اور انکو زیادہ سہولت ملیگی اسلئے ان اسکولس کے قائم کرنے کی طرف گورنمنٹ زیادہ متوجہ ہے ۔

شری بھجنگ راؤ ۔ میں نے ایک سوال پوچھا تھا جو آر ۔ یس ۔ یس کی ٹنڈنسی (Tendency) کے بارے میں ہے ۔

شری گوپال راؤ اکبوٹے ۔ آر ۔ یس ۔ یس کے تعلق سے ایک دوکیسس گورنمنٹ کی توجہ میں لائے گئے تھے ۔ گورنمنٹ نے ان پر ایکشن لیا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایک ہی ضلع کے اسکولس میں یہ واقعات ہوئے اسکو جنرلائز کیا جارہا ہے کہ پورے ٹیچرس میں یہ ویا پھیل رہی ہے ۔ میں آنریبل ممبرس کا مشکورہوں گا اگر وہ ایسی چیزیں پوائنٹ اوٹ کریں جیسے کہ ایک انسٹانس آنریبل ممبر نے میری توجہ میں لائی ہے ۔ میں اسکو اگزامن کرونگا ۔ میں اسکو بہت بری بات سمجھتا ہوں اگر ایسے خیالات پھیل رہے ہیں تو انکا سختی سے انسداد کیا جائیگا ۔

شری رام راؤ آورگاونکر ۔ گھانے کر صاحب کے متعلق .....

شری گوپال راؤ اکبوٹے ۔ وہ مت سنئے وہ بالکل غلط بات ہے ۔

Demand No. 24–Museum–Rs. 84,000.

Working of the Museums.

Mr. Deputy Speaker: The question is :

"That the grant under Demand No. 24 be reduced by Rs. 100".

The motion was negatived.

Mr. Deputy Speaker: The question is :

"That a sum not exceeding Rs. 84,000 under demand No. 24 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

The motion was adopted.

Demand No. 25–Education–Rs. 5,16,21,000.

Educational Expansion Scheme.

Mr. Deputy Speaker: The question is :

"That the grant under Demand No. 25 be reduced by Rs. 100,00,000."

The motion was negatived.

Low pay paid to teachers of Voluntary Aided Schools and the working of these schools.

Shri Annajirao Gavane: I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Working of Government Special Schools.

Shri Bhujang Rao: I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Mode of Granting Scholarships.

Shri Annajirao Gavane: I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Necessity of starting Adult Education Schools in every village having a population of above 1000.

Shri Gopdi Ganga Reddy: I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Abolition of separate Girls' Schools in places where a School already exists.

Shri Gopdi Ganga Reddy: I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Introduction of Basic Education.

Shri Gopdi Ganga Reddy: I beg leave of the House to with draw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Adult Education in the State.

Shri Bhagwanrao Boralkar: I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Working of the Primary Schools

Shri Bhagwanrao Boralkar: I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Enlisting public co-operation for educational activities

Shri Ch. Venkatrama Rao: I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Inefficient working of the Department with special reference to primary schools.

Mr. Deputy Speaker: The question is:

"That the grant under Demand No. 25 be reduced by Re. 1"

The motion was negatived.

Arrangements for inspection of Secondary and Primary Schools

Shri B. D. Deshmukh: I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Inadequate educational facilities for Harijans and Backward Tribes.

Mr. Deputy Speaker: The question is:

"That the grant under Demand No. 25 be reduced by Re. 1".

The motion was negatived.

Shri V. D. Deshpande: I demand a division.

شری چندرسیکھر-(The Bell was rung) بل ختم ہونے کے بعد ایک ممبر شری رامی ریڈی ہاؤس میں داخل ہوئے ہیں -

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - اگر وہ بعد میں آئے ہیں تو ان کا ووٹ کاؤنٹ نہیں ہوگا -

(Shri V. D. Deshpande did not press his demand for division).

Shri Srihari (Kinwat): I demand a division.

Shri Annajirao Gavane: I object to it. According to the rules.

آپ کے خلاف فیصلہ دیا جاتا تو آپ ڈویژن مانگ سکتے تھے - لیکن فیصلہ تو آپ کی تائید میں ہوا ہے - اس اصول کو اس سے پہلے خود آنریبل لیڈر آف دی ہاؤس نے پیش کیا تھا -

شری مرلیدھر کامٹی کر ( ) وہ بہت پرانی دلیل ہے-

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - کیا آنریبل ممبر (شری سری ہری) فیصلہ کو چیلنج کرتے ہیں ؟

شری سری ہر - میں چیلنج تو نہیں کرتا لیکن.....

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - جب چیلنج نہیں کرتے تو میں نے ڈسیشن دیدیا ہے -

I shall now go to the other cut motions.

Failure of Government to give sufficient aid to non-Government Secondary Schools.

Mr. Deputy Speaker: The question is:

"That the grant under Demand No. 25 be reduced by Re. 1".

The motion was negatived.

Working of one-teacher primary schools.

Shri K. Venkiah: I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Inadequate facilities for Secondary Education and failure of the Government to implement Secondary Education Commission's recommendations.

Shri V. D. Deshpande: I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Failure of Government to open Colleges in districts.

Shri B. Dharma Bhiksham: I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Introduction of regional languages in the Colleges in districts.

Shri J. Anand Rao: I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Inadequate provision for ordinary and compulsory primary education.

Shri K. Ramachandra Reddy: I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Principles of Basic Education and the conditions of Basic Schools.

Mr. Deputy Speaker: The question is:

"That the grant under Demand No. 25 be reduced by Re. 1".

The motion was negatived.

Difficulties and problems of students to receive proper education.

Shri J. Anandrao: I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Inadequate facilities for education.

Shrimathi Arutla Kamladevi: I beg leave of the House to withdraw my cut motions.

The motion was, by leave of the house, withdrawn.

Mr. Deputy Speaker: The question is:

"That a sum not exceeding Rs. 5,16,21,000 under Demand No. 25 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

The motion was adopted.

Demand No. 41—Central Record Office–Rs. 2,36,300.

Mr. Deputy Speaker: The question is:

"That a sum not exceeding Rs. 2,36,300 under Demand No. 41 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

The motion was adopted.

The House then adjourned till Half Past Two of the Clock on Thursday, the 25th March, 1955.